
Salar-e-Inquilaab: Biography of Khaksar-e-Azam Allama Inayatullah Khan Al-Mashriqi

By Safdar Saleemi



Digital File Compiled By

Nasim Yousaf

Copyright


First Digital Edition

This publication (digital version) is compiled and reproduced in the United States of America.

Allama Mashriqi — A Giant Among Men

By Nasim Yousaf

Allama Inayatullah Khan Al-Mashriqi was born on August 25, 1888. Mashriqi obtained his initial education at home and then attended school in Amritsar, prior to joining Foreman



Christian College (F.C. College) in Lahore. He obtained his Masters degree in Mathematics in first class from the University of Punjab and later went on to study at the University of Cambridge. Throughout his academic life, Mashriqi made history; it is believed that his academic records at the University of Cambridge - where he completed four Triposes within five years with distinction - are yet to be broken.

Upon completion of his studies, Mashriqi joined Islamia College (Peshawar) as Vice Principal, and was later appointed Under Secretary at the Education Department of the Government of British India. In light of emerging differences with the British, he was demoted to Head Master of Government High School in Peshawar. During his tenure in Government Service, he was offered Knighthood and Ambassadorship to Afghanistan, but declined both offers, as he considered them a means for the British authorities to use him for their own political purposes.

While in Government service, Mashriqi wrote Tazkirah, a scientific commentary on the Holy Koran, which was nominated for the Nobel Prize. When the Nobel Prize Committee asked him to translate the book into any major European language, he declined to do so; he considered this to be an insult to the millions of people who spoke the Urdu language. Admiring Mashriqi and Tazkirah, Air Marshal (Retd.) Qazi Javed Ahmed wrote (in a message to me), "I am an admirer of Allama sahib and have read some of his books…I have also read his two volumes of 'Tazkira'…He is so relevant even today and we can all draw inspiration and guidance from what he has written."

In 1930, Mashriqi founded the Khaksar Tehreek (Khaksar Movement) to revive the glory of the nation. However, the British became wary of the Movement's ultimate goal, which was predicated on ending British rule in order to bring freedom to India. Thus, the Tehrik was banned in Punjab in 1940 and Mashriqi was imprisoned. In 1941, the ban on the Movement was expanded throughout the entire India. The Government of British India demanded that Mashriqi disband his movement, or continue to remain behind bars. However, Mashriqi refused to succumb to any threat and replied that the Khaksar Movement was not his personal property that he could dispose off. The British, therefore, continued to imprison him for an extended period of time; he faced all atrocities with extraordinary courage and remained steadfast. In fact, Mashriqi fasted for 80 days in jail to protest his unjust imprisonment; he was ultimately released, but his movements remained restricted.

Following Mashriqi's release from prison, he vigorously began working for an end to British rule. He was warned many times by the British authorities to halt his activities, but he did not waver in his resolve. In 1945, he presented The Constitution of Free India, 1946, A.C., which provided protection for the rights of both Muslims and non-Muslims, and could serve as a precursor to jointly seeking independence. Unfortunately, the document was not adopted for political reasons.

Mashriqi continued his efforts until British rule in India came to an end in 1947. Despite achieving independence, Mashriqi was saddened by the division of India. To him, partition was not the solution to the country's problems.

Allama Mashriqi died at Albert Victor Hospital (Mayo Hospital) in Lahore on August 27, 1963. A pall of gloom prevailed across the country following his tragic death; condolence messages from followers and admirers came from all over the world. Mashriqi's funeral prayers were led by Maulana Abdus Sattar Khan Niazi at Badshahi Mosque in Lahore. All along the funeral procession, the public gathered to pay tributes to their leader and showered his body with flowers.

Mashriqi left behind a lasting legacy of combating injustice, communalism, and sectarianism. He worked all his life for unity, discipline, and fostering a peaceful coexistence among people, regardless of religion, class, color or creed. As a result of his unrelenting fight, he forever changed the history of the Indian subcontinent; Mashriqi's vision of co-existence needs to be followed in order to bring peace to the world today.

For more information on respected Allama Mashriqi, visit:

1. https://www.facebook.com/allamamashraqi
2. https://www.facebook.com/AllamaMashriqi.1
3. https://www.facebook.com/TazkirahByAllamaMashriqi
4. https://www.facebook.com/Khaksar.Movement
5. http://allama-mashriqi.8m.com


About the Compiler

Nasim Yousaf is a scholar and historian. He has thus far published 12 books and numerous articles (which have appeared in newspapers in many countries, including Bangladesh, Canada, Pakistan, India, Japan, Norway, United Kingdom, and the USA) and has presented his works at conferences in the U.S. His works have been published in the journals Harvard Asia Quarterly and Pakistaniaat (USA) as well as in the World History Encyclopedia (USA). He has also compiled a rare and historic collection of a newspaper entitled Al-Islah, which was launched by his grandfather, Allama Mashriqi, in 1934. His books and other works are important contributions to the historiography of South Asia. He is currently working on additional books and articles.

For more information on the author's works, please visit:

- https://www.facebook.com/nasimyousaf.26

Salar-e-Inqilab


سالارِ انقلاب
سوانح حیات
خاکسارِ اعظم علامہ عنایت اللہ خاں المشرقی
صفدر سلیمی
بابُ الاشاعت خاکسار تحریک پاکستان
۸-بی شاہ عالم مارکیٹ لاہور



خاکسارِ اعظم علامہ عنایت اللہ خان المشرقی

ایم۔اے (کینٹب)، بی۔ایس۔سی، بی۔او۔ایل، ایف۔آر۔ایس، (آرٹس) آئی۔ای۔ایس (ریٹائرڈ)، ایف۔اے۔ایس (پیرس) ایف۔جی۔ایس (پیرس) رینگلر و سکالر کرائسٹ کالج کیمبرج، ممبر انٹرنیشنل کانگرس، سابق انڈر سیکرٹری گورنمنٹ آف انڈیا۔

فہرست مشمولات

قیامِ پاکستان کے بعد خاکسارِ اعظم کی زندگی کے چند تاریخی اوراق

شہرہ آفاق سکالر

جس کے تعلیمی شاہکار مشرق و مغرب سے خراجِ تحسین وصول کرتے رہے

۱۸۵۷ء کی جنگ آزادی میں انگریز کے مقابل حریت پسندوں کی شکست نے اس برصغیر میں ملّت اسلامیہ کو اپنے زوال کی بدترین کیفیت سے دوچار کر دیا۔ وہ پر عزم قوم جس کے شہسواروں کے قافلے محمد بن قاسم، محمود غزنوی، محمد غوری وغیرہم کی قیادت میں پہاڑوں، جنگلوں، بیابانوں اور صحراؤں کو روندتے ہوئے یہاں داخل ہوئے تھے۔ اب بے بسی اور بے چارگی آنسوؤں میں اپنے آخری شہنشاہ کو پابجولاں سوئے رنگون جلاوطن ہوتے دیکھ رہی تھی۔ افرنگی اقتدار کا پرچم پلاسی اور سرنگا پٹم کے میدانوں سے اپنا دامن پھیلاتا ٹھیک ایک صدی کے اندر لال قلعہ کی پیشانی پہ لہرا اٹھا۔ اپنے ہی گھر کے جعفر اور صادق سات ہزار میل دور کی اس استعماری قوت کو پورے برصغیر کی وسعتوں پر مسلّط کرنے کا حرفِ آغاز ثابت ہوئے اور اس کے بعد اسلامی ہند کے آسمانِ تقدیر پر سیہ بختیوں اور حرماں نصیبیوں کی ایک ایسی گہری اور تاریک رات چھا گئی جس کے اندھیروں میں اسلامی کشورکشاؤں کی نئی نسلیں ایک صدی تک زوال اور شکست کی پے در پے ٹھوکریں کھاتی رہیں۔

جگمگائے بام و دَر

اس اندھیری رات نے ابھی تیس برس طے کئے تھے کہ اس کی تیرہ و تار فضاؤں میں امرتسر کے اُفق سے ایک روشن

ستارا جلوہ بار ہوا جس کی غیر معمولی صلاحیتوں نے اندھیروں میں رتجگے کی سی کیفیت پیدا کر دی۔ اس نے سترہ سال کی عمر میں پنجاب یونیورسٹی کا ایم۔ اے (ریاضیات) کا سابقہ ریکارڈ توڑا تو علمی بارگاہوں سے لے کر گورنر ہاؤس تک تحسین و آفرین کی بے ساختہ صدائیں گونج اٹھیں اور ریاضی کے ممتاز ترین پروفیسر ایس۔ این۔ داس گپتا نے اپنے ہونہار شاگرد کے اس لازوال کارنامے پر جھومتے ہوئے کہا کہ

کیا کوئی شخص اب بھی یہ کہہ سکے گا کہ مسلمان حساب نہیں جانتے۔

پنجاب کے لفٹیننٹ گورنر نے اس نامور طالب علم کے اعزاز میں سرکاری طور پر ایک خصوصی تقریب کا اہتمام کیا۔ اخبارات کے کالم امرتسر کے اس جواں بخت سکالر عنایت اللہ خاں کو خراجِ تحسین پیش کر رہے تھے اور خان عطا محمد خاں اپنی علم دوستی اور حریت پسندی کی قابلِ فخر روایات میں اس نئی اور درخشندہ روایت کا اضافہ پا رہے تھے کہ ان کے فرزند ارجمند نے اسلامی ہند کی زوال پذیری میں عظمتِ رفتہ کی بازآفرینی کی طرح ڈال دے۔

خان عنایت اللہ خاں نے ۲۵ر اگست ۱۸۸۸ء کو امرتسر کے ایک بلند مرتبت خاندان میں آنکھ کھولی۔ انکے دادا خان کمال الدین خاں اور والد ماجد خاں عطا محمد خاں کا شمار ملک کی ان گرامی قدر شخصیتوں میں ہوتا تھا جو ملک کی علمی و سیاسی فضا میں ہر صاحبِ نظر زعیم کی نگاہوں کا مرکز تھیں۔ اور انکی اہمیت کا اندازہ اس سے لگ سکتا ہے کہ علامہ جمال الدین افغانیؒ جیسی نادرِ روزگار انقلابی شخصیت جب کبھی ستم ہائے روزگار کے تھپیڑوں سے نبرد آزما ہوتے ہوئے ہندوستان کا رُخ کرتی تھی تو امرتسر میں اسی ہونہار سکالر کے قبلۂ محترم خان عطا محمد خاں کے ہاں قیام پذیر ہوتی تھی۔ یہ تھی علم افروز اور تابناک فضا جس میں خان عنایت اللہ خاں پروان چڑھے۔

اور زندگی کے ابتدائی لیل و نہار میں کارگہِ تعلیم و بیت میں سعیِ نمائی کو طرۂ امتیاز بنایا۔ ان کا اوّلیں مشن یہی ٹھہرا کہ سیرت و کردار کی تعمیر کے لئے جو وسائل ہماری درس گاہوں میں مل سکتے ہیں۔ ان سے ہر ممکن استفادہ کیا جائے۔ دوسروں سے آگے بڑھ کر میدان مارنے کی ہر ممکن سعی و کاوش سے کام لیا جائے اور اس میدان میں وہ نقوشِ تابندہ قائم کئے جائیں جو بعد میں آنے والوں کے لئے نشانِ منزل کا کام دیں۔ یہی عزمِ محکم تھا جسکے زور پر خان عنایت اللہ خاں نے چند ہی سالوں میں پنجاب کی تعلیمی فضاؤں میں اپنی عظمت کے جھنڈے گاڑ دیئے۔

لیکن یہ تو محض ایک حرفِ آغاز تھا اس داستانِ عروج کا جو ملّت اسلامیہ کے نتا بھا ز اپنے دَورِ غلامی میں بھی بین الاقوامی سطح پر ترتیب دینے ہیں۔ یہ ۱۹۰۷ء کا آغاز تھا جبکہ خان مشرقی نے سرزمینِ پنجاب کی وسعتوں میں اپنے علمی اعزازات کے جھنڈے گاڑ کر کیمبرج یونیورسٹی کا رُخ کیا۔ انگلستان کی شہرہ آفاق دانشگاہ جہاں ان دنوں برطانوی سلطنت کے پرنس آف ویلز بھی تعلیم پا رہے تھے۔ اور آنند بھون الہ آباد کے لاڈلے جواہر لال نہرو بھی۔ لیکن عنایت اللہ خاں کیمبرج میں داخل ہوئے تو سب سے الگ تھلگ یونیورسٹی کی ساری ہنگامہ آرائیوں سے علیحدگی پسند۔ دل و دماغ میں ایک ہی دُھن لئے کہ غلام و محکوم مشرق کیونکر لارڈ میکالے کے فاتح حکمران اور سر بلند و اکڑ باز مغرب کے احساسِ برتری کو طمانچے رسید کر سکتا ہے جرمنی کے لاکھوں غیور افراد پہلی جنگ عظیم میں شکست کے بعد سالوں تک اپنے گھروں سے باہر نہیں نکلے۔ مشرق کا غیور فرزند بھی مسلسل اپنے دائرہ تعلیم و تربیت میں گوشہ نشین رہا اور اسی گوشہ نشینی کے دوران نہ صرف کیمبرج یونیورسٹی بلکہ یورپ اور امریکہ کی تمام تر دانشگاہیں مشرق کے اس نامور سکالر کے شہرہ آفاق کارناموں سے گونج رہی تھیں۔ پہلے ہی سال

ریاضی کے ایک مقابلے میں سترہ کالج شریک تھے۔

عنایت اللہ خاں اس مقابلے میں نہ صرف اوّل آئے بلکہ سترہ پونڈ ماہوار وظیفہ اور "فاؤنڈیشن سکالر" کے خطاب سے سرفراز ہوئے۔ ۱۹۰۹ء میں ریاضی کے ٹرائی پوز آنرز کے سہ سالہ کورس کو نہ صرف دو سال میں مکمل کیا۔ بلکہ امتیازی شان سے اول آئے اور "رینگلر" کا خطاب پایا۔ یونیورسٹی نے اس کامیابی سے متاثر ہو کر "بیچلر سکالر" کے خطاب سے نوازا اور پہلے سے زیادہ مقدار میں وظیفہ پیش کیا۔ تعلیمات کی دنیا میں شہرہ آفاق کامیابیوں کا یہ سلسلہ آگے بڑھا اور دو سال بعد یہ اہم خبر پریس میں گونج اُٹھی کہ غلام ہندوستان کے نامور سکالر نے دو ٹرائی پوز آنرز کے چھ سالہ کورس کو اس مختصر سی مدت میں ختم کر کے اوّلیت کا اعزاز حاصل کیا۔ یہ کامیابی تاریخ انسانی کی بے مثال کامیابی تھی اور اس پر برطانیہ کے چوٹی کے اخبارات نے جو خراجِ تحسین پیش کیا۔ اس کی تفصیل درج ذیل ہے۔ مشہور برطانوی روزنامہ "ڈیلی مرر" نے لکھا ——

امسال عنایت اللہ خاں نے کیمبرج میں دو ٹرائی پوز آنرز میں بیک وقت کامیابی کا وہ غیر معمولی اعزاز حاصل کیا جو آج تک کسی نے حاصل نہ کیا تھا۔

اسی طرح بی۔ او۔ ایل (السنۂ شرقیہ) کا ٹرائی پوز آنرز درجہ اوّل میں پاس کیا جو آج تک کسی ہندوستانی کے لئے ممکن نہ ہوا۔ ۱۹۱۲ء میں انجینئرنگ کے سب سے بڑے امتحان مکینیکل ٹرائی پوز میں شامل ہوئے۔ "ڈیلی کرانیکل" نے اس کامیابی پر حسب ذیل الفاظ میں اظہارِ تحسین کیا ——

مکینیکل سائنس ٹرائی پوز کا نتیجہ جو کل شائع ہوا، عنایت اللہ کی کامیابی کو پیشِ نظر رکھ کر قابلِ لحاظ ہے۔ دُنیا بھر کی قوموں میں عنایت اللہ پہلا شخص ہے

جس نے چار مختلف اعزازات حاصل کیئے۔

"ڈیلی سٹار"، لنڈن نے لکھا۔

اس وقت تک یہ بات ناممکن خیال کی جاتی تھی کہ پانچ برس کی مختصر مدت میں کوئی شخص چار اعزازات حاصل کر سکے۔ لیکن یہ سہرا ہندوستان کے سر ہے کہ عنایت اللہ نے اس ناممکن کو ممکن کر دکھایا۔

کیمبرج ڈیلی نیوز نے لکھا۔

کامیاب طلباء کی فہرست جو آج شائع ہوئی، اس میں عنایت اللہ خاں آف کرائسٹ کالج کا نام خاص دلچسپی کا مرکز ہے جس نے چار مختلف مضامین میں انتہائی اعزازات حاصل کئے۔

"ڈیلی ٹیلی گراف" اور "لنڈن ٹائمز" نے بھی اسی طرح شاندار الفاظ میں نذر تحسین پیش کی۔

۱۹۱۲ء سے ۱۹۳۰ء تک

جب افرنگی سلطنت کے اعلیٰ مناصب انکے قدموں میں نثار تھے اور شاہکارِ عالم "تذکرہ" حکمائے مشرق و مغرب سے نذرِ تحسین وصول کر رہا تھا۔

۱۹۱۲ء میں عنایت اللہ خاں اپنی شہرہ آفاق کامرانیوں کا پرچم اڑاتے اپنے وطن واپس لوٹتے ہیں۔ برطانوی ہند اور ملکی ریاستوں کے بلند مناصب ان کے قدموں پہ نچھاور ہو رہے ہیں لیکن اس ہونہار سکالر کی نگاہیں دُور بہت دُور کسی نشانِ منزل پہ جمی ہوئی ہیں وہ ہر پیش کش شانِ بے نیازی سے ٹھکرا دیتے ہیں اور پشاور کا رُخ کرتے ہیں۔ سرحد کے جیالے فرزندوں کی سرزمین ان کی امنگوں کا مرکز اور عزائم کا محور قرار پا جاتی ہے۔ اس وقت انہیں درۂ خیبر سے آگے بڑھتے ہوئے کسی غزنوی اور ابدالی کا انتظار تھا اور اسی شدتِ انتظار میں وہ اسلامیہ کالج پشاور کے وائس پرنسپل کا منصب قبول کر لیتے ہیں۔

حکمرانوں سے بغاوت

۱۹۱۷ء میں پرنسپل اور جلد ہی گورنمنٹ آف انڈیا کے انڈر سکریٹری کا منصب۔ اسوقت عنایت اللہ خاں کی نگاہیں ایک طرف اپنے کروڑوں ہم وطنوں کو غلامی اور محکومی کی زنجیروں میں جکڑے پاتی ہیں اور دوسری طرف وہ ان شاہی ایوانوں کی سازشوں کا جائزہ لے رہے ہیں۔ جہاں غلامی کے نئے نئے بندھن آئے دن ڈھلتے اور نئے شکنجے کسے چلے جاتے ہیں یہ دلدوز و جگر سوز کیفیت اسی کے سینے میں ایک تلاطم برپا کر دیتی ہے وہ اپنے دفتری نظام کے برسرِ اقتدار افرنگیوں

کے قہقہے سنتا ہے اور اس کا خون کھول اٹھتا ہے۔ غیض و غضب کے عالم میں وہ بڑبڑاتا ہوا سنائی دیتا ہے۔

سات ہزار میل دور کے یہ افرنگی بندر ہمارے خون اور ہڈیوں پر بوسِ تختِ اجلال بچھائے قہقہے لگاتے رہیں۔ اور ہمارے خون میں ادنیٰ گردش پیدا نہ ہو۔ نہیں یہ نہیں ہو سکتا ہمیں کچھ کرنا پڑے گا۔

جذبات کی تندی میں وہ آپے سے باہر ہو جاتا ہے اور مرکزی حکومت کے ایک بہت بڑے افرنگی عہدیدار کو تھپڑ کھینچ مارتا ہے۔ اگلے روز وہ ایک دوسرے انگریز کو گریبان سے پکڑ کر گھسیٹنا شروع کر دیتا ہے۔ وائسر یگل لاج کی فضاؤں میں ایک تھرتھری سی مچ جاتی ہے۔ ایک غلام ہندوستانی اور یہ گستاخانہ جرأت! برطانوی سلطنت کے دفتری نظام کا کل پرزہ اور اسکی یہ ہمت کہ قبائے ملوکیت کو نوچنے پر اتر آئے — دنیا کی عظیم ترین امپیریلیزم سٹپٹا اٹھی اور اس اعتراف کے باوجود کہ مرکزی حکومت میں اس کا کام حددرجہ قابلِ تحسین اور اطمینان بخش قرار دیا گیا، حکمرانوں کا جذبۂ انتقام حرکت میں آیا اور یہ سر پھرا اور خود سر انڈر سیکریٹری ڈھائی ہزار ماہوار کی تنخواہ پر گورنمنٹ ہائی سکول پشاور کی ہیڈ ماسٹری پر متعین کر دیا گیا لیکن بقول "ہر کجا کہ نشیند صدر است" عنایت اللہ خاں ہیڈ ماسٹر ہوتے ہوئے بھی پوری فرنٹیر گورنمنٹ پر حاوی تھے۔ بھری محفلوں اور سرکاری تقریبات کے موقع پر وہ سر جارج کننگم جیسے پُرجلال گورنر کو یُوں مخاطب کرتے تھے۔ گویا اپنے سکول کے کسی ملازم کو آوازدے رہے ہیں۔

فرنگی حکمرانوں نے انہیں ہیڈ ماسٹر بنا کر بزعم خویش بہت بڑا تیر مارا تھا اور وہ خوش بخوش تھے کہ اس اکھڑ باز ہندوستانی سے انگریز افسروں کی توہین کا خوب بدلہ چکا یا۔ لیکن "خان" نے بخوبی سمجھ لیا کہ ع

عدو شرے برانگیزد کہ خیرِ ما در آں باشد

سلطنت کے باغی کو بغاوت کے بیج بونے اور نئی فصل تیار کرنے کو بڑی زرخیز زمین اور ساز گار فضا میسر آگئی۔ اس کے لئے یہ امکان پیدا ہو گیا کہ ملک کے نونہالوں میں شاہین کا تجسس پیدا کر دے۔ اور عنایت اللہ خاں نے یہ سب کچھ اس کامیابی سے سرانجام دیا کہ پشاور کا گورنمنٹ ہائی سکول آزادی و حریت کے احساسات کی تربیت گاہ بن گیا

حکمرانوں کی دُور بین نگاہوں نے یہ سب کچھ دیکھا اور خاں سے جان چھڑانے کی محلاتی سازش مکمل کر لی —— اسے پنشن دیکر ملازمت سے الگ کر دیا گیا۔

ایک نئے دَور کا آغاز

یہاں سے عنایت اللہ خاں کی زندگی کے ایک نئے دَور کا آغاز ہوتا ہے۔ "باغی خان" اب امپریلزم کے بند صنوں سے پُوری طرح آزاد تھا۔ اور ایک پہاڑی شاہباز کی طرح ایک نئی فضا میں پَر تولنے کے لئے بیقرار۔ اس کے قلب و نگاہ کی پہنائیوں میں ایک آگ سی سُلگ رہی تھی۔ یہ سُلگتی ہوئی آگ اب شعلۂ جوالہ کی صورت اختیار کر رہی تھی اور سلطنت برطانیہ کا یہ باغی خان ایک جہانِ نو کی طرح ڈالنے کے لئے کیل کانٹے سے لیس ہو رہا تھا۔ وہ کہہ رہا تھا کہ ——

"حکمران جو کچھ کر سکتے تھے، کر گزرے۔ اب میری باری ہے اور انگریز اب یہاں زیادہ دیر حکمران بنکر نہیں رہ سکے گا۔ مَیں بکری کا دودھ پینے والے مہاتماؤں اور بندے ماترم کے گیت گا گا کر سوراج حاصل کرنے کے مدعی لیموں نچوڑ بابوؤں کو بتاؤں گا کہ غلامی کی زنجیریں لنگوٹی باندھنے اور پولیس کی لاٹھیاں کھانے سے نہیں ٹوٹتیں بلکہ اس کے لئے پانی پت کے میدان میں ایک نیا معرکہ سرانجام پائے گا۔"

عنایت اللہ خاں ایک دردمند مسلمان تھے۔ اور ملتِ اسلامیہ کے سچے غم گسار۔ انکی نگاہیں

بے ساختہ عالمِ اسلام کی وسعتوں کی طرف اُٹھ گئیں۔ آہ! چاروں طرف موت اور شکست کے قبرستان! قدم قدم پر سسکتی اور دم توڑتی زندگی۔ چند چھوٹے چھوٹے بے حیثیت حکمران اپنوں میں "امیرالمومنین"، "ظل اللہ" اور "اعلیحضرت" لیکن افرنگیوں کی بارگاہ میں پرلے درجے کے بے بس، دم بخود اور کاسہ لیس۔ اور اس کے بعد مذہب و سیاست کے نام پر سینکڑوں سجی ہوئی دکانیں جہاں کھلم کھلا قوم کی غیرت اور عزت و ناموس بلکہ دین خداوندی کی تقدیس اور عظمت و جلال کے سودے ہو رہے تھے۔

صدیق و فاروق کے جانشینوں کی یہ کیفیت! آخر ایسا کیوں؟ اس سوال کا جواب صرف ایک ہی بارگاہِ اجلال سے مل سکتا تھا۔ یہ بارگاہ کتاب اللہ کی بارگاہ تھی۔ جس نے اس مردِ مشرق کو بتایا کہ قوموں کی موت و حیات اور عروج و زوال کے فیصلے کن ابدی قوانین کی رُو سے طے پاتے ہیں۔ خان المشرقی نے علیٰ وجہ البصیرت ان قوانین کو سمجھا اور "تذکرہ" کے نام سے انکی تفاصیل منظرِ عام پر رکھ دیں۔

ایک تاریخی شاہکار

"تذکرہ"، خان المشرقی کے فکر و بصیرت کا زندۂ جاوید شاہکار —— کتاب اللہ کے انقلاب آفریں حقائق کا ترجمان —— قوموں کی حیات و ممات کے اٹل اور لازوال دستور کی حقیقت کشا تفسیر ۱۹۲۴ء میں جب یہ شاہکار منظرِ اشاعت پر آیا تو چاروں طرف ایک ہلچل سی بپا ہو گئی۔ خدا فریبیوں کے نقاب اُلٹنے لگے۔ خوش فہمیوں، خود فریبیوں اور طفل تسلیوں کے تانے بانے ٹوٹنے لگے۔ "تذکرہ" کی حقیقت کشائی کی ہر تان اس پر ٹوٹتی تھی کہ:۔

اگر ہم "اَعْلَوْنَ" اور "غَالِبُوْن" نہیں تو یقیناً مُسلمان بھی نہیں اور نہ صاحبِ ایمان، جب تک ذلّت اور شکست پر مطمئن ہیں، اسلام کا ہر دعویٰ خُدا سے کُھلا مکر و فریب ہے، اور اِس دَور کے شہرہ آفاق مجاہدِ اسلام امیر طرابلس حضرت امام شیخ السنوسی نے اس آواز کو لرزتے ہوئے دل سے سُنا اور "تذکرہ" کی باقی جلدوں کی فوری اشاعت


کا مطالبہ کرتے ہوئے لکھا :۔

جس طرح تم نے قرآن کو سمجھا باقی مسلمانوں کو بھی سمجھاؤ۔ ورنہ قیامت کے دن ہمارا ہاتھ ہوگا۔ اور تمہارا دامن !"

عثمانیہ یونیورسٹی نے اسے اپنے نصاب میں داخل کرنے کی درخواستیں کیں۔ لیکن شہرت سے بے نیاز مصنف نے یہ کہہ کر ہر درخواست ٹھکرا دی کہ :۔

"میں تذکرہ کو سعدی کی گلستان نہیں بنانا چاہتا۔"

رائل سوسائٹی آف آرٹس کے جریدہ نے "تذکرہ" کو یادگارِ عالم شاہکار قرار دیا اور ییل یونیورسٹی آف امریکہ کے فاضل پروفیسر ٹارلی نے اس پر کئی ماہ تک یونیورسٹی میں لیکچر دیئے۔ مغرب کی ممتاز علمی سوسائٹی نے "تذکرہ" کے شہرہ آفاق مصنف کو اعزازی رکنیت کی پیش کش کی۔ انٹرنیشنل سوسائٹی آف اورینٹلسٹس نے جس کے ارکان کی تعداد پوری دنیا میں بیک وقت سو سے زیادہ نہیں ہو سکتی اسے اپنی صدارت قبول کرنے کی پرجوش خواہش کا اظہار کیا۔ لیکن "تذکرہ" کا جلیل القدر مصنف ان تمام اعزازات سے بے نیاز ہو کر علم و بصیرت اور فلسفہ و حکمت کی بارگاہ میں اپنی عظمت کے جھنڈے گاڑ چکا تھا اور اب اس دعوتِ انقلاب کے زور پر عظمتِ کردار کے وہ معرکے سرانجام دینا چاہتا تھا جو پوری دنیا کی تاریخ بدل کر رکھ دیں۔ مشرق کی ذلّت و مسکنت کا سیاہ دور ختم ہو اور عالمِ اسلام ایک بار پھر نوعِ انسانی کی امامت و قیادت کی ذمہ داریوں کو پورا کرنے کے قابل ہو سکے۔



۱۹۳۱ء سے ۱۹۴۷ء تک

- خاکسار تحریک کے جھنڈے تلے سترہ سالہ تاریخی جدوجہد
- غازیانہ معرکوں، فاتحانہ پنجہ آزمائیوں اور قوم کی ناقدر شناسیوں کے دور

اگست ۱۹۳۱ء میں اس داعیٔ انقلاب نے "اشارات" کے نام سے وہ تمام خاکے صفحۂ قرطاس پر بکھیر دیئے جو مسلسل کئی برس سے اس کے دل و دماغ میں طوفان مچا رہے تھے اور ساتھ ہی خاکسار تحریک ان خاکوں میں رنگِ عمل بھرنے کے لئے میدان میں آگئی۔ "اشارات" کے خاکوں نے اس نظام کی وساطت سے محسوس و مشہود پیکروں میں ڈھلنا شروع کیا اور دیکھتے ہی دیکھتے پشاور سے رنگون تک خدا کے خاکساروں کی منظم قطاریں، بگل کی لرزہ انگیز جنگی آواز، چپ راست کے عمل انگیز کاشن اور بیلچوں کی چمک دمک نے سپاہیانہ نظم و ضبط کے جہاد انگیز سلسلے کا آغاز کر دیا۔

بے مقصد جلوسوں، کھوکھلے نعروں اور پھولوں کے ہاروں نے سیاسی مفاد پرستیوں اور مذہبی اجارہ داریوں کی دوکانیں سجا سجا کر کروڑوں انسانوں کے قلب و نگاہ پر جو ڈاکے ڈال رکھے

تھے۔ ان کے خاتمہ بالخیر کی ساعتِ سعید قریب آگئی اور گذشتہ نصف صدی سے کروڑوں فریب خوردہ غلاموں کے تحت الشعور سے یہ صدا بلند ہونی شروع ہوئی کہ قوم کی خدمت واقعی اپنا کھا کر خدا کا گانے کا نام ہے۔ اس آڑ میں نفع بازیوں کے اڈے قائم کرنے کا نام نہیں۔

گردشِ لیل و نہار کے ساتھ ساتھ بیلچہ بردار خاکساروں کی منظم قطاریں پورے برصغیر کے طول و عرض میں پھیلتی گئیں اور انکی اطاعت اور وفاداری کے رشتے ادارہ علیہ کے مرکز سے استوار ہوتے چلے گئے۔ ہماری تاریخ کا یہ انوکھا دور شاید اب کبھی پلٹ کر واپس نہ آئے۔ چالیس کروڑ انسانوں کے برصغیر میں زندگی حرکت اور عمل کا یہ دلکشا منظر ایک بار پھر دیکھنے کو آسمان کی نگاہیں ترس گئیں۔ وائسریگل لاج کی فضا میں نت نئے اندیشے اُبھر رہے تھے وردھا آشرم اور آنند بھون کے سوراجیوں کے دلوں کی دھڑکنیں تیز تر ہوتی جا رہی تھیں۔ اور پنجاب کے خاندانی رجعت پسند اور طرّے باز یہ محسوس کر رہے تھے کہ آقائے فرنگ اور اس کی معنوی اولاد کی موت قریب آگئی۔ خان المشرقی اب علّامہ المشرقی کے نام سے یاد کئے جاتے تھے اور بانیٔ تحریک کی حیثیت سے اپنی یہ قوت منظم کر رہے تھے۔

عظیم ٹکراؤ اور فاتحانہ انجام

اگست ۱۹۳۹ء میں یوپی کی کانگرس حکومت سے خاکساروں کا ٹکراؤ ہوا۔ لکھنؤ میں قائدِ تحریک کی گرفتاری کے ساتھ ہی پورے برصغیر میں ایک تہلکہ سا برپا ہو گیا۔ ہزاروں خاکسار چاروں طرف سے لکھنؤ کی سمت بڑھنے لگے۔ وزیر اعظم پنڈت پنت کی پولیس ہر جگہ خاکساروں سے شکست کھا رہی تھی۔ پولیس کے وہ افسرانِ اعلیٰ جو خاکسار دستوں کو روکنے کے لئے آگے بڑھے، اُٹھا اُٹھا کر پُل پر سے ہنڈن ندی میں پھینکے جا رہے تھے۔ پنڈت پنت نے دو ماہ کی اس مختصر سی مدت میں ستائیس بار مرکز سے فوج کی امداد طلب کی۔ اور جب کوئی چارۂ کار نظر نہ آیا تو ۳ نومبر ۱۹۳۹ء

کو اپنی کابینہ سمیت حکومت سے مستعفی ہو کر گھر کی راہ لی۔

معرکۂ لکھنؤ کے اس فاتحانہ انجام نے جہاں کانگرسی حکومت کی موت کا اعلان کر دیا وہاں برطانوی حکومت کے ایوانوں میں کھلبلی سی مچا دی۔ خاکسارِ اعظم علامہ المشرقی اب ایک باجبروت اور منظم فوجی تحریک کے قائد اور امیر تھے۔ ان کا ایک اشارہ ہزاروں جانبازوں کو سر دھڑ کی بازی لگانے پر مجبور کر دیتا تھا۔ ان کے ایک حکم پر خون کی ندیاں بہہ سکتی تھیں لیکن اس کے سپاہی چنگیز اور ہلاکو کے سپاہی نہیں تھے۔ اس کا نصب العین آگ اور خون کے تہلکے مچا کر بے گناہ انسانوں کی کھوپڑیوں سے محل کھڑے کرنا نہیں تھا۔ ان سپاہیوں کو بے مزد خدمتِ خلق اور اصلاحِ نفس کے بلند اخلاقی اقدار سے تربیت دی گئی تھی۔ اس لئے انھوں نے اس فتحِ عظیم پر بارگاہِ خداوندی میں اپنے سروں کو جھکا دیا اور اپنی امنگیں اور عزائم صرف غلبۂ اسلام کے تقاضوں سے وابستہ رکھے اور اب وہ پھر امن اور رحمت کے فرشتے نظر آ رہے تھے اور برصغیر کے گوشے گوشے میں لاکھوں دکھی انسانوں کے دکھ سمیٹنے اور آنسو پونچھنے میں مصروف تھے۔

محلاتی سازش کی ضرب کاری

برطانوی حکمرانوں نے اس امن پسندی سے پورا فائدہ اٹھایا۔ سرکاری ایوانوں میں ایک انتہائی گھناؤنی سازش کا تانا بانا تیار ہوا اور انتہائی عیاری اور مکاری سے پنجاب کے وزیر اعلیٰ سر سکندر حیات کو آگے بڑھا دیا گیا۔ مارچ ۱۹۴۰ء کے دوسرے ہفتے علامہ موصوف دہلی جا چکے تھے۔ ان کی لاہور سے غیر حاضری کا پورا پورا فائدہ اٹھایا گیا اور ۱۹ مارچ کو وہ قیامت برپا کر دی گئی جسکی داستانِ غم مؤرخ خون کے آنسوؤں سے لکھتے رہیں گے۔ اس حادثۂ قیامت میں جہاں بیسیوں خاکسار خاک و خون میں تڑپا دیئے گئے۔ وہاں تحریک کے تمام کے تمام کمانڈر جیلوں میں ڈال دیئے گئے۔ خود قائدِ تحریک کو دہلی سے گرفتار کر کے سیکڑوں میل دور ویلور جیل میں پہنچا دیا گیا۔ خاکسار تحریک کی زندگی

میں یہ سب سے کٹھن مرحلہ تھا۔ اس تحریک کا مقابلہ تاریخِ عالم کی اس عظیم ترین امپریلزم سے تھا جس کی سلطنت پر ان دنوں سورج غروب نہیں ہوتا تھا۔ مشرق و مغرب کی عالمگیر وسعتوں میں پھیلی ہوئی یہ منظم ترین سلطنت جس سے بڑی بڑی حکومتیں لرزہ بر اندام رہتی تھی۔ ایک ابھرتی ہوئی بے سروسامان تحریک کو کچلنے پر اتر آئی اور یہ ایک تلخ حقیقت ہے کہ اس نے اپنے حاکمانہ تدبّر اور ظالمانہ تشدّد کے زور پر تحریک کو پیوندِ زمین کر کے رکھ دیا۔



میاں بشیر احمد صدیقی اور خان پیر بخش خاں ایڈووکیٹ کی معیت میں

بازآفرینی کی سعیٔ ناکام

۱۹۴۰ء کے بعد خاکسار تحریک کو پھر پہلے سے جاہ و جلال کے ساتھ اُبھرنا نصیب نہ ہوا۔ قائدِ تحریک کی سہ سالہ قید اور نظربندی کے دوران میں ملکی سیاسیات کے دھارے بدل گئے تھے۔ برصغیر کی دو بڑی قومیں لنگر لنگوٹے کس کر سیاسیات کے میدان میں اُتر چکی تھیں۔ مسلمان کے لیے جداگانہ اسلامی مملکت کا مطالبہ ایک سیاسی نعرے کی صورت اختیار کر چکا تھا اور کوئی لیڈر جماعت اور تحریک جو اس کا ساتھ نہ دے، دس کروڑ مسلمان کی نگاہیں اسلام اور ملّتِ اسلامیہ کی دشمن قرار پاتی تھی۔ ۱۹۴۳ء میں جب علاّمہ المشرقی مدراس سے رہا ہو کر لاہور پہنچے تو ملّتِ اسلامیہ کا ہجوم نعرہ بازی کی منزل پہ کافی آگے بڑھ گیا تھا۔ جو زندہ رہنا چاہتا تھا اس کے لیے ناگزیر تھا کہ اپنے اس قومی ہجوم کا بے چون وچرا ساتھ دے۔ ورنہ گوشۂ گمنامی کی موت قبول کرلے۔

گفتہ آید با حدیث دیگراں

اس فیصلہ کن مرحلے پر جب خاکسارِ اعظم جیل سے باہر آئے تو انہوں نے مسٹر راج گوپال اچاریہ کے ساتھ مل کر (جو ویلور جیل میں ان کے ساتھی رہے تھے) یہ کوشش کی کہ مطالبۂ پاکستان کی بنیاد پہ کانگریس اور مسلم لیگ میں مفاہمت کی صورت پیدا کیلئے چنانچہ اسی نقطۂ نظر کی بنا پر مسٹر راج گوپال اچاریہ کی ۱۹۴۲ء میں کانگرس کے آل انڈیا اجلاس کی سٹیج سے مطالبۂ پاکستان کی ہمنوائی خاکسارِ اعظم کا وہ کارنامہ تھا۔ جس پر وہ پوری ملّت کی طرف سے سپاس و تشکّر کے مستحق تھے۔ لیکن راج گوپال اچاریہ کی یہ قرارداد مسترد کر دی گئی۔ انھیں کانگرس سے خارج کر دیا گیا اور انہوں نے ایک الگ پلیٹ فارم سے مطالبۂ پاکستان کی حمایت میں مہم کا آغاز کر دیا۔ مسٹر اچاری نے جہاں اپنے ذمہ یہ فریضہ لیا۔ وہاں خاکسارِ اعظم سے یہ توقع کی کہ وہ قائدِ اعظم سے اپنے ذاتی تعلقات کی بنا پر انہیں مسٹر گاندھی سے براہ راست مفاہمت پر مجبور کریں۔

رہائی کے بعد علامہ مرحوم کا قائدِ اعظم سے سلسلۂ مراسلت اسی بُنیاد پہ جاری رہا۔ چونکہ مُسلم عوام اور ان کے لیڈر، علامہ مرحوم اور مسٹر اچاری کے طے شدہ منصوبے سے جو مطالبۂ پاکستان کا مؤید تھا، بے خبر تھے اور دونوں لیڈروں کے اس متعینہ پروگرام کو منظرِ عام پہ لانا سیاسی طور پہ غیر مناسب تھا اس لئے اس لاعلمی کی بنا پہ علامہ مرحوم کی سعیٔ مصالحت کو ناگوار سمجھا گیا اور اس غلط فہمی کے باعث جو تلخیاں برپا ہوئیں وُہ ہماری تاریخِ ملّی کا اندوہناک باب ہیں۔

اس برصغیر کی تاریخ کا یہ ایک عجیب و غریب واقعہ ہے کہ مسٹر راج گوپال اچاریہ مطالبہ پاکستان کی حمایت کے جُرم میں ذلیل ہو کر کانگرس سے نکلے تھے۔ لیکن ایک دن کانگرس کو ان کی تائید کرنی پڑی اور تقسیم کے بعد وہ بھارت کے پہلے ملکی گورنر جنرل مقرر ہوئے۔ لیکن خاکسار اعظم جن کی انگیخت پر اچاریہ نے پاکستان کی تائید میں نعرہ بلند کر کے مُسلم لیگ کے ہاتھ مضبوط کئے، اپنی اس سعیٔ مشکور کی کوئی قدر و قیمت نہ پا سکے اور یہ سمجھ لیا گیا کہ وُہ گاندھی جناح ملاقات کی مہم چلا کر گویا مطالبۂ پاکستان کی راہ میں روکاوٹ پیدا کر رہے ہیں۔



علامہ المشرقی اپنے جانشین میاں بشیر احمد صدیقی کے ساتھ

علّامہ مشرقی اور تحریکِ پاکستان

عظیم قائد کی عظیم پیشکش

سلسلۂ مراسلت کی صورت میں

۲۰ ر اپریل ۱۹۴۲ء کو مسٹر راجگوپال اچاریہ نے مطالبۂ پاکستان کی حمایت میں آل انڈیا نیشنل کانگرس سے علیحدگی کا اعلان کر دیا۔ مسٹر اچاری کے اس جرأت مندانہ اقدام پر علّامہ مرحوم نے انہیں بذریعہ تار مبارکباد پیش کی اور خاکسار تحریک کی طرف سے ہر ممکن تعاون کا یقین دلایا۔ جواباً شری راجگوپال اچاریہ نے علّامہ سے درخواست کی کہ وہ ذاتی اثر و رسوخ سے کام لے کر قائد اعظم کو جنگ آزادی میں کانگرس سے سمجھوتے اور اشتراک پر مائل کریں۔ اس سلسلے میں قائدِ اعظم سے علّامہ موصوف کے سلسلۂ مراسلت کی تفصیل درج ذیل ہے اور اس سے تحریک پاکستان کے بارے میں خاکسارِ اعظم اور خاکسار تحریک کے مؤقف اور مساعی کو سمجھنے میں کافی مدد ملے گی۔ یاد رہے کہ علّامہ صاحب ان دنوں مدراس میں نظر بند تھے۔

قائدِ اعظمؒ کے نام پہلی تار

از مدراس ۲۸ ر اپریل

قائدِ اعظم مسٹر محمد علی جناح۔ بمبئی

سابق وزیر اعظم مدراس مسٹر سی راجگوپال اچاریہ اور ایڈیٹر سری نواسن نے اپنے پیغامات میں مجھ سے یہ خواہش کی ہے کہ میں کانگرس اور مسلم لیگ کے مابین مفاہمت کا فریضہ سرانجام دوں۔ تاکہ عارضی طور پر متحدہ حکومت

کا مطالبہ کیا جا سکے۔ وقت بڑا نازک ہے۔ کیا آپ میری مداخلت کو قبول فرمائیں گے۔
عنایت اللہ خان المشرقی

۵۔ مئی کا برقیہ

از مدراس۔ ۵۔ مئی

میری ۲۸۔ اپریل کی تار کا جواب نہیں ملا کیا آپ عارضی طور پر متحدہ حکومت کے قیام کے لئے کم از کم شرائط پہ بات کرنا پسند فرمائیں گے؟ یہ بھی واضح فرمائیں کہ کیا آپ مسٹر راجگوپال اچاریہ سے خاکسار تحریک کا تعاون پسند کرتے ہیں۔
عنایت اللہ خان المشرقی

قائدِ اعظم کا جوابی تار

از بمبئی۔ ۱۱۔ مئی

آپ کی ۵۔ مئی کی تار موصول ہوئی۔ میری اپیل آپ سے یہ ہے کہ اس موقع پہ مسلم لیگ کی پالیسی کی تائید کریں۔ متحدہ حکومت کے مطالبے کے متعلق آپ نے جو خواہش ظاہر کی ہے اس پر خط و کتابت کے ذریعہ بحث مناسب نہیں۔
ایم۔ اے۔ جناح

علامہ صاحب کا جواب الجواب

مدراس۔ ۱۲۔ مئی

آپ کی ۱۱۔ مئی کی تار موصول ہوئی۔ میں آپ کو مسلم لیگ کی ہر کوشش کے بارے میں جو تحریک پاکستان کے ساتھ ہندوستان کی مکمل آزادی کے بارے میں ہو گی، خاکسار تحریک کی غیر متزلزل تائید کا یقین دلاتا ہوں۔ متحدہ مطالبات

کی شرائط پر بحث کے لئے نئی دہلی میں ملاقات کا تعین کیجئے۔ علامہ المشرقی

نوٹ:۔ اس تار کا جواب نہ مل سکا۔

نئی کوششوں کا آغاز

مئی ۱۹۴۴ء میں مسٹر گاندھی پونا کے آغا خاں پیلیس کی نظر بندی سے رہا ہوئے تو گاندھی جناح ملاقات کے امکانات روشن ہو کر سامنے آ گئے۔ ۲۹ رجولائی کو سرینگر سے واپسی پر قائدِ اعظم نے ایک بیان میں گاندھی جی سے ملاقات کا خیال ظاہر کیا تو اگلے ہی روز علامہ صاحب نے اس بیان کا خیر مقدم کرتے ہوئے حسب ذیل خط قائدِ اعظم کے نام ارسال کیا۔

لاہور۔ ۳۰ رجولائی میرے پیارے جناح

پچھلے چند ہفتوں کے انتظار کے بعد، جبکہ میں نے آپ کو آخری خط لکھا تھا۔ میں آپ کے تازہ بیان پر انتہائی طور پر مخلصانہ قدر و قیمت کا اظہار کرتا ہوں کہ آپ ہندوستان کی قسمت کو بہتر بنانے کیلئے میدان میں نکلے ہیں۔ جیسا کہ آپ کو پہلے بھی یقین دلا چکا ہوں، میں اور اس سر زمین کا ہر خاکسار حصول پاکستان اور بطور نتیجہ ہندوستان کی آزادی کے لئے آپ کے ساتھ پورے خلوص اور وفاداری سے کام کریگا۔

آپکا مخلص۔ عنایت اللہ خاں۔

۲۵ مارچ ۱۹۴۶ء کو وزیرِ ہند لارڈ پیتھک لارنس کی سرکردگی میں وزارتی مشن نے ملک کا دورہ کیا اور اس کی تجاویز ماہ مئی میں منظرِ عام پر آئیں تو ۲۲ مئی کو ان کے خلاف اپنا بیان حوالۂ اشاعت کرتے ہوئے، خاکسارِ اعظم نے حسب ذیل الفاظ میں تحریکِ پاکستان کے لئے آخری خندق تک جانوں کی بازی لگانے کا اعلان کیا۔

مجھے یقین ہو چکا ہے کہ جب تک پاکستان کو واضح طور پر تسلیم نہیں کیا جائیگا اُس وقت تک ہندوستان کی آزادی بھی ناقابلِ تسلیم سمجھی جائیگی۔ مسٹر جناح جب پاکستان کے حصول میں پوری طرح مخلص ہیں تو میں ایک بار پھر انہیں خاکسار تحریک کی خدمات غیر مشروط طور پر پیش کرتا ہوں۔ اور ان کے ساتھ اس راہ میں مل کر کام کرنے کو تیار ہوں۔ میں یقین دلاتا ہوں کہ میری اس پیشکش میں کوئی بددیانتی ہرگز نہیں۔ بشرطیکہ مسلم لیگ پوری قربانی کے لئے تیار ہو۔ اگر مسٹر جناح متفق ہوں تو میں بلا ہچکچاہٹ پورا زور لگانے کو تیار ہوں اور ہر خاکسار اس راہ میں جان کی بازی تک لگا دے گا۔ میں ہندوؤں کو بھی یقین دلاتا ہوں کہ جب تک وہ مسلمانوں سے اتحادِ عمل نہیں کریں گے۔ انہیں کچھ بھی نہیں مل سکے گا۔

۲۵ رمئی ۱۹۴۶ء کو انہوں نے اپنے اس اخباری بیان کی نقل قائدِ اعظم کے نام ارسال کرتے ہوئے اپنے خط میں لکھا ——

میں نے نہایت صدق دل سے آپ کو یہ پیشکش کی ہے۔ میں نے آج تک کسی کے ساتھ دھوکہ بازی نہیں کی۔ اور میں آپ کو یقین دلاتا ہوں کہ اگر آپ نے میرے ساتھ اتحادِ عمل منظور کیا تو میں آپ کی تجاویز سے پورا اتفاق کر دوں گا، اور آپ جو امداد طلب کریں گے، دوں گا۔ اور جب تک آپ بے خوف و خطر یہ جدوجہد جاری رکھیں گے، آپکا ساتھ دوں گا۔ میں آپ سے درخواست کرتا ہوں کہ مسلمانوں کی تاریخ کے اس نازک مرحلہ پر آپ مجھے ضرور جواب سے مشرف فرمائیں۔ آپکا۔ عنایت اللہ خاں

اس خط کے جواب میں بھی، جو جان و مال کی بڑی سے بڑی پیشکش پر مشتمل تھا۔ حضرت قائدِ اعظم کی بارگاہ عالیہ سے خاموشی سے کام لیا گیا۔ خاکسارِ اعظم اس صورتحال میں اپنے وقار کی خاطر نہ صرف خاموشی اختیار کر سکتے تھے۔ بلکہ اس سرد مہری کے جواب میں اپنا رُخ بدل سکتے تھے۔ لیکن نہیں جس زعیمِ ملت نے قوم کی خاطر سب کچھ قربان کرنا سیکھا، اس کے قلب و نگاہ کی وسعتوں میں ایسے ردِّ عمل کی گنجائش نہیں تھی، چنانچہ یکم جون کو اُنہوں نے اخبارات کی وساطت سے اپنی پیش کش کو ایک بار پھر دہرایا۔ اس بیان میں انہوں نے فرمایا ——

میں سمجھتا ہوں کہ خاکسار تحریک صرف اس لئے پیدا ہوئی ہے کہ ہر حالت اور ہر رنگ میں اسے ملت کی بہتری کے لئے مفید طور پر کام میں لایا جا سکے۔ اُمت کی سربلندی کے لئے اس کی خدمات ہر وقت حاضر ہوں۔ اور ان سب کے مقابلے میں اسکی اپنی قیمت نہ ہو۔ بنا بریں میں نے پورے خلوص سے بذریعہ خط اپنی خدمات مسٹر جناح کو پیش کر دی ہیں۔ اور اگر انہوں نے میری پیش کش کی قدر کرتے ہوئے خاکساروں کو کشادہ دلی سے گلے لگا لیا۔ تو خاکسار پاکستان کو انگریز سے حاصل کرنے کی سعی کو چار چاند لگا دیں گے۔

یہ تھا وُہ مشرقی جسے بعض بد دیانت فیلسوف تحریک پاکستان کے مخالفین کی صف میں کھڑا کرتے ہیں اور اس بد دیانتی پر نہ کوئی شرم محسوس کرتے ہیں اور نہ خدا کا خوف ؎

حذر اے چیرہ دستاں سخت ہیں فطرت کی تعزیریں



خاکسار تحریک پر نئی قیامتوں کا دور

یہ ۱۹ مارچ ۱۹۴۰ء کو لاہور میں غازیانِ تحریک پر قیامت بپا کرنے کا ہولناک دن تھا جبکہ خاکسار اعظم کو دہلی سے گرفتار کر کے صوبہ مدراس کی ویلور جیل میں پہنچا دیا گیا۔ دو سال بعد وہ وہاں سے مدراس شہر میں منتقل کر دیئے گئے۔ ۳۱ دسمبر ۱۹۴۲ء کو برطانوی گورنمنٹ نے ان کی رہائی کا فیصلہ کیا۔ پنجاب کے وزیر اعلیٰ سر سکندر حیات اُنکی رہائی کی بھرپور مخالفت کر رہے تھے اور حکومتِ ہند کو یہاں تک دھمکی دے چکے تھے کہ اگر علامہ صاحب کو رہا کیا گیا تو وہ پنجاب میں لاء اینڈ آرڈر کی ذمہ داریوں سے دستبردار ہو جائیں گے۔ لیکن قدرت کا یہ عجیب معجزہ تھا کہ یکم جنوری ۱۹۴۳ء کی صبح کو جب اخبارات نے دُنیا کو خاکسارِ اعظم کی رہائی کی خوشخبری سنائی تو پنجاب کا اکڑ باز وزیر اعظم، اپنے بیٹوں اور بیٹیوں کی شادی سے فراغت کے بعد دردِ قولنج کا شکار ہوا اور چند لمحے تڑپ تڑپ کر اپنی دھمکی کی

لاج رکھتے ہوئے دارِ آخرت کو رخصت ہو گیا۔ خاکسارِ اعظم مدراس سے رہا ہو کر ۳ر جنوری کی شب کو لاہور پہنچے تو زندہ دلانِ لاہور کا ٹھاٹھیں مارتا ہوا سمندر ریلوے اسٹیشن سے باہر اُن کی راہ میں آنکھیں بچھا رہا تھا۔ پانچ ہزار سے زیادہ خاکسار اپنے تین سال سے بچھڑے ہوئے قائد کے حضور نذرِ عقیدت پیش کرنے کے لئے صف آرا کھڑے تھے۔ علاّمہ المشرقی اس تاریخی خیر مقدم کے جواب میں مختصر سے خطاب کے بعد گھر کو رخصت ہو گئے اور تیسرے روز انہوں نے شاہی مسجد کے ایک لاکھ کے تاریخی اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے آزادی کی منزل کی نشاندہی کی۔

قائدِ اعظم پر حملہ

خاکسارِ اعظم کی رہائی کو ابھی چند ماہ پورے ہوئے تھے اور سرفروشانِ تحریک کے تین سال قبل کے قتلِ عام کے بعد وہ اپنی شکستہ حال صفوں کی تنظیمِ نو کا پوری طرح آغاز بھی کرنے نہ پائے تھے کہ ۲۶ر جولائی کی صبح کو بمبئی میں قائدِ اعظم کے بنگلے پر پہنچکر رفیق صابر نامی ایک شخص نے ان پر حملہ کیا اور اس کے ساتھ ہی سارے ملک میں یہ خبر پھیل گئی کہ حملہ آور خاکسار ہے اور اس نے اپنے لیڈر کے کسی مقصد کی بجا آوری کے لئے یہ ناروا اقدام کیا ہے۔ اس خبر کی اشاعت پر علاّمہ موصوف نے بلاتاخیر اپنے اخباری بیان میں مذکورہ الزام کی تردید کی اور واضح کیا کہ اس نام کا کوئی شخص تحریک میں شامل نہیں لیکن جلد ہی یہ واضح ہو گیا کہ خاکسار تحریک کے از سرِ نو ابھرنے سے قبل ہی اس کا گلا گھونٹنے کی یہ بہت بڑی اور سنگین سازش ہے جس میں افرنگی حکمرانوں کا ہاتھ صاف صاف کام کر رہا ہے۔ یہ اسی سازش کی ایک کڑی تھی کہ اس خبر کے ساتھ ہی پنجاب پولیس کے افسران کا ایک دستہ شیخ عبدالعزیز ڈی ایس پی کی قیادت میں بمبئی روانہ ہو گیا اور اس مذموم سازش کے ڈانڈے خاکسار تحریک سے ملانے کے ہتھکنڈے حرکت میں آ گئے۔ بمبئی ہائیکورٹ

کے ممتاز جج جسٹس بلیگڈن کو سپیشل جج کی حیثیت سے اس تاریخی مقدمے کی سماعت پر مامور کیا گیا۔ انکی عدالت میں نومبر ۱۹۴۳ء کے آغاز تک یہ مقدمہ جاری رہا اور بالآخر ۴۔ نومبر کو فاضل جج کا فیصلہ منتظر دنیا کے سامنے آگیا۔

جسٹس بلیگڈن کا جیوری سے خطاب

عدالت میں اپنے فیصلے کے اعلان سے قبل جسٹس بلیگڈن نے جیوری سے خطاب کرتے ہوئے کہا ــــــــ

گواہی وہ نہیں جو اخباروں میں لکھی ہوتی ہے، گواہی وہ نہیں جو گپ شپ سے بنتی ہے۔ گواہی وہ بھی نہیں جو بار ایسوسی ایشن کے ارکان سے آپ سنتے ہیں۔

آپ کو یاد ہوگا کہ سوجی صاحب نے استغاثہ کی طرف سے اس مقدمے کا افتتاح کرتے ہوئے یہ ثابت کرنے کا وعدہ کیا تھا کہ ملزم نہ صرف خاکسار نامی جماعت کا رکن ہے بلکہ اس میں ایک ممتاز حیثیت رکھتا ہے جسے "جانباز" کہا جاتا ہے ۔۔۔۔ اس مقدمے میں جو شہادتیں ہمارے سامنے آئی ہیں ان سے معلوم ہوتا ہے کہ سوجی اپنے وعدے کو پورا نہ کر سکے۔ اور یہ بات اکثر مقدموں میں پیش آئی ہے۔ سچ پوچھا جائے تو آپ کے سامنے ایک بھی شہادت ایسی نہیں جس کی بنا پر آپ کہہ سکیں کہ یہ شخص خاکسار تحریک کا رکن بھی ہے۔ تاہم آپ یہ خیال کر سکتے ہیں کہ ملزم اس تحریک کے خیالات سے واقف ہے۔

خاکسار تحریک کے بانی نے خاکساروں کے نام جو گشتی مراسلہ جاری کیا تھا اس کا تعلق مذکورہ

حملے سے ثابت کرنے کے لئے اُسے استغاثہ کی طرف سے عدالت میں پیش کیا گیا تھا اپنے مذکورہ خطاب میں اسکا ذکر کرتے ہوئے فاضل جج نے فرمایا ——

اس گشتی مراسلے میں خاکسار لیڈر نے اپنے پیروں پر زور دیا ہے کہ وہ مسٹر جناح پر خطوط کی بارش کریں جن میں ان سے گاندھی جی سے ملاقات کے لئے لکھا جائے۔ اس مقدمے کو اس سے کوئی واسطہ نہیں کہ خاکسار لیڈر کی پالیسی صحیح ہے یا غلط۔ اور نہ اس سے کوئی غرض کہ مسٹر جناح کا نقطہ نظر مناسب ہے۔ قابلِ غور امر یہ ہے کہ میری رائے میں یہ گشتی مراسلہ بالکل جائز ہے۔ کیونکہ اس میں کسی شخص سے کوئی غیر مناسب حرکت کرنے کے لئے نہیں کہا گیا۔

روزنامہ زمیندار کا تبصرہ

عدالت کا فیصلہ منظرِ عام پر آیا تو مسلم لیگ کے مشہور اور ممتاز آرگن روزنامہ "زمیندار" نے خاکسار تحریک کے خلاف پیدا کردہ اخباری شر انگیزیوں کی مذمت کرتے ہوئے اپنے ، نومبر کے مقالہ افتتاحیہ میں لکھا ——

جسٹس بلیگڈن کے فیصلے نے یہ ثابت کر دیا کہ بعض عجلت پسند اخبارات جرمِ بے گناہی پر بھی خاکسار تحریک کو قابلِ مواخذہ سمجھ رہے تھے۔ اُنہوں نے اپنی غلط فہمیوں اور حقیقت فراموشی و بے تدبیری سے مُسلمانوں کی دو عظیم الشان جماعتوں (خاکسار تحریک و مُسلم لیگ) کو افتراق میں مبتلا کرنے کا تہیہ کیا تھا۔ اب یہ حقیقت بے نقاب ہو کر سامنے آ چکی ہے اور اصولِ صحافت، اسلامی مفاد اور مومنانہ شان کا تقاضہ یہ ہے

کہ اس قسم کے تمام اخبارات، جو صابر کی مذموم حرکت کا رشتہ خاکسارانہ سازش سے باندھ رہے تھے۔ اپنے کیے پر پشیمان ہوں۔ ورنہ یہ حقیقت زیادہ بے نقاب ہو جائے گی کہ یہ کاغذی شخصیتیں نفاق و افتراق کے خنجر سے اسلامی اخوت کا سینہ چاک کرنا چاہتی ہیں۔ اور خاکساروں سے اگلے وقتوں کا انتقام لینے کے لیے اسلامی مفاد کو کُند چھری سے ذبح کیا جا رہا ہے۔

مقالہ افتتاحیہ

روزنامہ زمیندار بابت، نومبر ۱۹۴۳ء



خاکسارِ اعظم رح۔ ڈاکٹر خان صاحب کے قتل کے مقدمہ میں کمرۂ عدالت کے باہر کھڑے ہیں

پاکستان میں افرنگی ذہنیت کا کردار

ہائی کورٹ کے فاضل جج کے جیوری سے خطاب، اُس کے فیصلے اور اس سے بھی آگے بڑھ کر مُسلم لیگ کے ممتاز آرگن روزنامہ "زمیندار" کے مندرجہ مقالہ افتتاحیہ کے بعد یہ حقیقت نکھر کر دُنیا کے سامنے آگئی تھی کہ حملہ آور خاکسار ہرگز نہیں تھا اور نہ اس حملے کا خاکسار تحریک سے دُور کا بھی کوئی تعلق ثابت ہوا۔ لیکن پاکستان اور ملّت اسلامیہ کی بدنصیبی دیکھئے کہ قیامِ پاکستان کے بعد ایک بار پھر افرنگی ذہنیت خاکسار تحریک سے پرانے انتقام لینے میں کامیاب ہوگئی۔ اور ایف۔ اے کے انگریزی کے نصاب میں "پاکستان کی کہانی" کے عنوان سے ایک افرنگی مسٹر جان والٹن کا ایک مقالہ شامل کر دیا گیا جس کے ذریعے ملّتِ پاک کی نئی نسل کے لاکھوں طلبا میں یہ زہر پھیلانے کی کوشش کی گئی کہ قائدِ اعظم کا حملہ آور ایک خاکسار تھا ؎

ناطقہ سر بگریباں ہے اسے کیا کہیئے!

مسلم لیگ کی قرار دادِ مقاطعہ

جولائی ۱۹۴۳ء میں رفیق صابر کے حملہ تک خاکسار تحریک اور مُسلم لیگ کے مابین گہرے تعلّقات چلے آرہے تھے یہاں تک کہ نواب بہادر یار جنگ جیسے کئی چوٹی کے رہنما بیک وقت خاکسار تحریک اور مُسلم لیگ میں مُمتاز عہدوں پر فائز تھے۔ محاذِ یوپی کے دوران ہر دو تنظیموں کا باہمی رشتہ تو خلوص و محبت میں تاریخی مقام حاصل کر چُکا تھا۔ ۴ اکتوبر ۱۹۴۳ء کو جسٹس بلیگڈن کے تاریخی فیصلے کے بعد تو یہ عارضی رنجشیں کلیتہً ختم ہو جانی چاہئیں تھیں۔ لیکن ہوا یہ کہ اس فیصلے کے ٹھیک گیارہ دن بعد ۱۵ نومبر ۱۹۴۳ء کو آل انڈیا مُسلم لیگ کونسل کے بمبئی کے

اجلاس میں خاکسار تحریک کو ایک سیاسی تنظیم قرار دیتے ہوئے اُس کے خلاف ایک قرار داد مقاطعہ پاس کر دی گئی اور یہ قرار داد اُس دَور کی دو عظیم قومی تنظیموں میں ہمیشہ کیلئے گہری خلیج بنکر حائل ہو گئی اور مُسلم لیگ کے اپنے اخبار روزنامہ "زمیندار" کو اپنے ۱۷ نومبر کے مقالہ افتتاحیہ میں مُسلم لیگ کے اس فیصلے کا کھُل کر ماتم کرنا پڑا۔ یہ مقالہ افتتاحیہ درج ذیل ہے:-

بائیکاٹ کے ریزولیشن پر روزنامہ زمیندار کا تبصرہ

آل انڈیا مسلم لیگ کونسل نے اپنے اجلاس میں ایک قرار داد پاس کی ہے۔ جس کا مفہوم یہ ہے کہ "خاکسار تحریک چونکہ مذہبی و اصلاحی تحریک نہیں رہی۔ وہ اپنے قول و عمل کے اعتبار سے ایک ایسی سیاسی جماعت بن چکی ہے۔ جس کی سرگرمیاں مُسلم لیگ کے خلاف ہیں۔ لہٰذا کسی مُسلم لیگی کو اس جماعت سے تعلق نہ رکھنا چاہیئے۔" یہ فیصلہ خلاف توقع نہیں۔ بعض مسلم لیگیوں نے خاکساروں کے خلاف جو ہنگامہ برپا کر رکھا تھا۔ اس کا نتیجہ یہی ہونا چاہیئے تھا۔ ہم اس تلخ ترین حقیقت کو چھپا نہیں سکتے کہ مُسلم لیگ کا فیصلہ نہ صرف منطقی طور پر غلط ہے۔ بلکہ مُسلمانوں کی سب سے بڑی جماعت کی شان اور مفاد ملّی کے بھی مطابق نہیں اور سب سے زیادہ افسوسناک بات یہ ہے کہ اس قرار داد کا کوئی اثر بھی نہیں ہو گا۔ کیونکہ لیگ کی قرار داد صرف انہی حضرات پر اثر انداز ہو سکتی ہے۔ جو اس کے دائرۂ رکنیت میں موجود ہیں اور جو شخص اپنے سیاسی عقائد کا رشتہ صرف مُسلم لیگ سے وابستہ کر چکا ہے وہ خاکسار تحریک میں قرار داد کی منظوری سے پہلے بھی شامل نہ تھا۔ اس لئے یہ

قرار دادا تہ و نتیجہ کے اعتبار سے بالکل ناکارہ ثابت ہوگی۔ اور اس سے مُسلم لیگ کے ہمہ گیر مقاصد کو فائدہ کی بجائے نقصان پہنچے گا۔ اس وقت ہندوستان میں دو سیاسی جماعتیں ہیں۔ ایک کانگرس۔ دوسری مُسلم لیگ۔ اور ہندوستان کی ہر قوم اور ہر جماعت سیاسی لحاظ سے دونوں میں سے ایک کے ساتھ وابستہ ہے۔ اب غور کیجئے کہ خاکساروں کو جب ٹھوکریں مار کر مُسلم لیگ کے دروازے سے اُٹھایا جا رہا ہے تو وہ جائیں گے کہاں !

سیاسی ضرورتیں اور مجبوریاں انہیں کس راہ پر ڈالیں گی؟ یہ تو ظاہر ہے کہ جب مُسلم لیگ اپنی طرف سے خاکساروں کو مایوس کر چکی ہے اور انکے خلاف انتقام و قصاص کا جذبہ مشتعل کر رہی ہے تو انہیں بھی مجبوراً وہی راہ اختیار کرنی پڑے گی۔ جس پر مُسلم لیگ کے مخالفین گامزن ہیں۔ اگر خدا نخواستہ یہی صورت حال پیدا ہو گئی تو اڑھائی لاکھ خاکساروں اور ان کے ساڑھے سات لاکھ معاونین، یعنی کُل دس لاکھ مُسلمانوں کو کانگرس کے حلقے میں پھینک دینے کی ذمّہ داری کس پر عائد ہوگی؟ کیا اس غلط کاری کے لئے مُسلم لیگ ذمّہ دار نہ ہوگی۔ جو خاکساروں پر اپنے دروازے بند کر چکی ہے۔ اور انھیں دھکیل دھکیل کر اسلامی مرکزیت سے کوسوں دُور اُٹھا رہی ہے۔ ہم نہیں چاہتے کہ خاکسار بھی جوابی غلطی سے کام لیں اور جوشِ اشتعال میں کوئی ایسی حرکت کر بیٹھیں جو اسلامی وحدت اور اصولِ مرکزیت سے کوسوں دُور اُٹھا رہی ہے لیکن مُسلم لیگ نے تو

انہیں مخالفین کی جھونپڑی میں پناہ لینے پر مجبور کر ہی دیا ہے۔ یہ غلط کاری فوری تلافی کی مستحق ہے۔ بلکہ زمانے پر تو یہ ثابت کرنے کی ضرورت ہے کہ ہندوستان کا ایک مسلمان بھی مسلم لیگ کی قیادت سے منکر نہیں۔ لہذا اسلامی ہند کی نمائندگی صرف مسلم لیگ کو ہی حاصل ہے۔ لیکن بد قسمتی سے مسلم لیگ خود ہی اپنی نمائندگی کا دائرہ محدود کر رہی ہے۔ چنانچہ دس لاکھ خاکساروں اور معاونین کو مسلم لیگ سے دُور پھینکا گیا ہے اور عین ممکن ہے کہ ان دس لاکھ مسلمانوں سے بیس چالیس فرزندانِ توحید کی حقیقی ہمدردی ہو۔ لہذا مسلم لیگ نے چالیس پچاس لاکھ عقیدت کیشوں کو اپنے حلقۂ ارادت سے ہی نکال دیا۔ اس اعتبار سے مسلم لیگ اپنی شانِ نمائندگی میں بیسواں حصّہ کم کر دینے کی مرتکب ہوئی۔ اگر اس قسم کی تخفیف کے سلسلہ اور زیادہ وسیع کیا گیا تو مسلم لیگ کی شانِ نمائندگی کا کیا حشر ہو گا؟

مذکورہ حقائق کے پیشِ نظر خاکساروں کا مقاطعہ ایک خوفناک غلطی ہے جس کی تلافی فوراً ہونی چاہیئے۔ ورنہ مسلم لیگ اپنی راہ میں خود ہی کانٹے بونے کی مرتکب ہوگی۔

ہیں اگر سوختہ ساماں ہوں تو یہ روزِ سیاہ
خود دکھایا ہے مرے گھر کے چراغاں نے مجھے

افتتاحیہ "زمیندار" ۱۷ نومبر ۱۹۴۳ء

قحطِ بنگال میں تاریخی کردار

۱۹۴۰ء کے محاذِ لاہور کے گہرے زخم اور تین سالہ قید و بند کی کڑی آزمائش کے بعد خاکسارِ اعظم

۱۹۴۳ء میں مندرجہ سازشوں اور آزمائشوں کے کٹھن مراحل سے گزرتے ہوئے ۱۹۴۴ء میں داخل ہوئے۔ اسی سال جبکہ دوسری عالمگیر جنگ پورے زوروں پر تھی۔ اور جاپانی فوجیں برما پر قبضہ کر لینے کے بعد بنگال کی طرف بڑھنے کے منصوبے طے کر رہی تھیں۔ افرنگی حکمرانوں کی روائتی ڈپلومیسی نے پورے بنگال سے چاول کی فصل غائب کر کے ایسا قحط پھیلا دیا۔ جس کی چیخیں اور کراہیں دنیا کے گوشے گوشے میں پہنچیں اور ستر لاکھ انسان اِس قحطِ عظیم کی بھینٹ چڑھ گئے۔ یہی وہ قیامت تھی۔ جس کا مردانہ وار سامنا کرنے کے لئے دل گرفتہ مشرقی صدموں سے چور چور ہونے کے باوجود سینہ تان کر آگے بڑھا اور ادارہ علیہ کے اعلان پر بنگال کے قحط زدگان کو موت کے منہ سے بچا کر دوسرے صوبوں میں پہنچانے کے لئے سینکڑوں غازیانِ تحریک برصغیر کے طول و عرض سے کلکتہ پہنچنے لگے۔ وزیرِ اعلیٰ بنگال خواجہ ناظم الدین کی حکومت سے باضابطہ معاہدہ طے پانے کے بعد کلکتہ کے محمد علی پارک میں مرکزی کیمپ کا قیام عمل میں آیا اور اس کیمپ سے خادمانِ خلق کے جیش بنگال کے دور دراز گوشوں میں پہنچ کر ہزاروں فاقہ کشوں کو اپنے مرکزی کیمپ میں پہنچانے لگے۔ جہاں سے اُنہیں روزانہ ریل گاڑیوں کی وساطت سے پنجاب اور سرحد کے خاکسار مراکز میں پہنچانے کا سلسلہ شروع ہو گیا۔

خدمتِ خلق کی یہ مہم ابرِ بہار بن کر بنگال کی چیخوں اور کراہوں پر چھا گئی۔ اور چھ ہزار سے زیادہ فاقہ کش بنگال سے باہر دوسرے صوبوں میں پہنچائے جا چکے تھے کہ اندر ہی اندر کچھ تاریں ہلیں اور ۱۷؍ دسمبر کو خواجہ ناظم الدین کی حکومت کی طرف سے پولیس یہ نادر شاہی حکم لے کر مرکزی کیمپ میں پہنچ گئی کہ چوبیس گھنٹے کے اندر اندر تمام خاکسار بنگال سے رخصت ہو جائیں۔ انسانی تاریخ میں چنگیز و ہلاکو نے بھی شاید کبھی سنگ دلی کا ایسا انوکھا شاہکار پیش نہ کیا ہو۔ جس کا مظاہرہ خواجہ ناظم الدین کی مُسلم لیگ حکومت نے سرانجام دیا۔ ۱۸؍ دسمبر کو ادارہ علیہ

میں حکومتِ بنگال کے افسوسناک فیصلے کی اطلاع موصول ہوئی، خاکسارِ اعظم نے بذریعہ تار خواجہ ناظم الدین سے اپیل کی کہ وہ یہ گناہ عظیم اپنے سر لینے سے اجتناب کریں۔ لیکن خواجہ صاحب دو بٹرں کے تال اور سُر پہ ناچنا سیکھے تھے۔ اس لئے وہ ٹس سے مس نہ ہوئے۔ اُنہوں نے بنگال کے لاکھوں فرزندوں کو فاقوں کی موت مار نا گوارا کر لیا، لیکن یہ قبول نہ کیا کہ لاکھوں انسانوں کو موت سے بچانے کا سہرا خاکسار تحریک کے سر بندھے۔ چنانچہ غم کے گھونٹ پیتے ہوئے خاکساروں کو یہ حکم دیا گیا کہ اس ظلمِ عظیم کے خلاف بطورِ احتجاج پیدل مارچ کرتے ہوئے اپنے اپنے علاقوں کو واپس روانہ ہوں۔

۷ رجنوری اور ۱۴ رجنوری کو سالارانِ انصار کے یہ قافلے عبدالمنان دُرّانی ایم۔ اے علیگ ایڈیٹر "ریڈ بنیس" اور محمد ایوب خاں کی قیادت میں کلکتہ سے پیدل روانہ ہوئے اور ۲۸ راپریل ۱۹۴۵ء کو لاہور پہنچے۔ یہ جمعہ کا دن تھا اور اس روز پنجاب و سرحد کے ہزاروں خاکساروں کی معیت میں خاکسارِ اعظم نے شاہی مسجد میں ان کا خیر مقدم کرتے ہوئے اپنے خطاب میں فرمایا ——

آسمان کی طرف تک کر خاکسار سپاہی اُٹھا اور اُس نے فیصلہ کر لیا کہ اگر اور کچھ نہیں کر سکتا تو کلکتہ سے لاہور تک دو ہزار میل کی زمین اپنے پاؤں تلے روند کر ثابت کر دے کہ یہ زمین خدا والوں کی ہو کر رہے گی اس پر شیطان والوں کی حکومت کے دن ختم ہو رہے ہیں۔ نیکی نے دیکھ لو کیا زندگی پیدا کر دی تھی، لیکن نیکی پھر روکا ٹ نے وہ زندگی ور زندگی پیدا کر دی کہ رستم و افراسیاب کے افسانے اُس کے آگے مات ہو کر رہ گئے۔

خواجہ ناظم الدین کی حکومت نے خدا کے سپاہیوں کو نیکی کے اس ہمہ گیر کام سے روک کر جو انسانیت

سوز کردار دکھایا اُس پر خون کے آنسو بہاتے ہوئے روزنامہ زمیندار نے لکھا ـــــ

دنیا سے خاکسار کو خراج تحسین

حکومت کے افسوسناک اور انسانیت سوز اقدام پر روزنامہ زمیندار کا افتتاحیہ

خاکسار تحریک نے فاقہ کشانِ بنگال کو بچانے میں جو شاندار خدمات

سرانجام دی ہیں اُن پر ہندوستان کی تاریخ اور انسانی دُنیا ہمیشہ فخر کرے گی۔ ہندوستان نے لطف وخلوص اور انسانی ہمدردی کا شاید ہی کبھی دُنیا کے سامنے ایسا نمونہ پیش کیا ہو۔ جس کا مظاہرہ خاکساروں کی طرف سے کیا گیا۔ یُوں تو متعدد جماعتیں مساکینِ بنگال کی صحت اور زندگی کیلئے سرگرمِ عمل رہیں۔ لیکن اُن جماعتوں کی مالی ذمہ داریوں کا بوجھ قوم کی گردن پر تھا۔ تمام پارٹیاں عوام کے چندے سے کام کر رہی تھیں۔ ایک بھی جماعت ایسی نہ تھی جس کے مالی مصارف کا بوجھ اس کے کارکنوں کے کندھوں پر ہو۔ خاکسار ہی تھے۔ جو قوم کا ایک پیسہ خرچ کیئے بغیر ہزاروں مساکین کی جانیں بچا رہے ہیں اور ہزاروں خاکسار ہیں جو اس کارِ خیر کیلئے اپنا مالی اور معیشی مستقبل تباہ کر چکے ہیں۔ اس لئے انسانی دُنیا کا فرض تھا کہ خاکساروں کے حسنِ سلوک کا پُر جوش خیر مقدم کرتی اور انہیں زیادہ سے زیادہ خدمات سرانجام دینے کا موقع دیتی لیکن بدقسمتی سے ہندوستان میں مخلصانہ خدمات کو بھی سیاسی رقابت کی نظروں سے دیکھا جاتا ہے یہی وہ بنیادی نقص ہے جس نے ہندوستانیوں پر مخلصانہ جوش عمل کے اکثر دروازے بند کر رکھے ہیں۔ خاکساروں کو بھی اسی سیاسی معاندت

کا نشانہ بننا پڑا اور علاّمہ مشرقی نے مجبور ہو کر خاکساروں کو بنگالیوں کی خدمت سے دست کش ہونے کی ہدایت کر دی ہے۔ یہ اقدام علاّمہ صاحب نے خود نہیں کیا بلکہ انہیں یہ قدم اُٹھانے پر مجبور کیا گیا۔ سر ناظم الدین نے خاکساروں کو خدمت سے محروم کرنے کی کوشش کیوں کی؟ بلکہ علاّمہ صاحب کو سر ناظم الدین کا ارشاد ہے۔ کہ مرکزی حکومت کو مساکین بنگال کی نقلِ مکانی پسند نہیں۔ اور لوگ وزیرِ اعظم بنگالی کو قسم قسم کی باتیں سناتے رہتے ہیں۔ یہ عُذر بظاہر حکومت بنگال کی مجبوریوں کو بے نقاب کرتا ہے لیکن اس کے پس منظر پہ نظر ڈالی جائے تو حقیقت کے تمام دلچسپ گوشے سامنے آجائیں گے۔ جب سے پانچسو خاکساروں نے بنگالیوں کی خدمات سرانجام دینی شروع کی ہیں۔ حکومتِ ہند اور اس کے پرستار انگاروں پر لوٹ رہے تھے۔ سب سے پہلے حکومت پرست اخباروں کی رگِ شرارت پھڑکی۔ انہوں نے خواجہ سر ناظم الدین اور خاکساروں کے تعاون کو پانی پی پی کر کوسنا شروع کر دیا۔ اس واویلا کا اس کے سوا کوئی مطلب نہ تھا کہ خاکساروں کو خدمتِ خلق کی راہ سے روکا جائے تاکہ دُنیا کو یہ کہنے کا موقع نہ مل سکے کہ حکومت ایسی جماعت کو کیوں عتاب کی نظروں سے دیکھتی ہے جس کا خلوص فاقہ کشانِ بنگال پہ رحمت کی بارش کر رہا ہے۔ اور خاکساروں کی خدمات کے پیشِ نظر یہ احساس پیدا ہوئے نہیں رہ سکتا تھا۔ اس کے بعد ہندو سبھا نے خدمتِ خلق کے پھٹے میں تعصب کی ٹانگ اڑا دی اور خاکساروں کو کہا کہ وہ ہندو فاقہ کشوں کو ہجرت پر مجبور نہ کریں۔ اس انتباہ سے معلوم

ہوتا تھا کہ ڈاکٹر شیام پرشاد مکرجی خاکساروں کی مخلصانہ خدمات کو بھی فرقہ پرستی میں اُلجھانا چاہتے تھے۔ تاکہ حکومتِ ہند کو یہ بہانہ بنانے کا موقع مل سکے کہ خاکساروں کے وجود سے چونکہ بنگال کی فرقہ وارانہ فضا مکدّر ہو رہی۔ اس لئے ان خدمات کا سلسلہ توڑ دینا چاہیئے۔ لیکن خاکساروں کے حُسنِ تدبّر نے تمام فتنوں کو دبائے رکھا۔ جب حکومت کے پاس کوئی منطقی حیلہ و بہانہ نہ رہا تو اس نے حسبِ معمول اپنے اختیارات سے کام لیا اور سر ناظم الدین کو مجبوراً اس جماعت کے حُسنِ عمل سے محروم ہونا پڑا۔

اس سلسلے میں دو باتیں قابلِ ذکر ہیں :-

اوّل :- خاکسار اگر اس درجہ ہی مقہور و معتوب تھے کہ ان سے فاقہ کشانِ بنگال کی جانیں بچانے کا کام بھی نہیں لیا جا سکتا تھا۔ تو حکومت نے پہلے ہی کیوں نہ بتا دیا۔ دو مہینے بعد اس اقدام کی ضرورت کیوں پیش آئی۔ اور وہ بھی اس صورت میں جبکہ خاکساروں کی سرگرمیاں مفید اور نتیجہ خیز ثابت ہو رہی تھیں۔ اس طرزِ عمل سے ظاہر ہے کہ حکومت ایسے حالات کی منتظر تھی جو خاکساروں کو خدمتِ خلق کی راہ سے ہٹانے کا موجب ثابت ہوتے۔ لیکن ایسے حالات پیدا نہ ہو سکے۔ اس لئے اختیارات کی مشین حرکت میں آئی۔ کیا اس سے وزارت بنگال کی توہین نہیں ہوتی؟ یقیناً ہوتی ہے۔ کیونکہ کسی حکومت کے اپنے باندھے ہوئے پیمان کی شکست اس کی انتہائی ذلّت آمیز شکست ہے۔ کیا ایسی صوبائی حکومت اپنا وقار قائم رکھ سکتی ہے۔ جس کے عہد و پیمان ایک اشارے میں ٹوٹ جائیں۔ بہر حال یہ اقدام صرف الثانی

ہمدردی پر ہی ظلم نہیں بلکہ اس نے فاقہ کش بنگال پر بھی وہ تمام دروازے کھول دیئے ہیں۔ جو خاکساروں کے انتہائی ایثار نے بند کر دیئے تھے۔ اس واقعہ پر ہندوستان کی تاریخ ہمیشہ نادم رہے گی۔ ہم حیران ہیں کہ جب حکومت بذاتِ خود فاقہ زدوں کی جانیں بچانے سے قاصر ہے تو دوسروں کی جدوجہد کو کیوں روکا جا رہا ہے۔ کیا حکومت چاہتی ہے کہ سارا بنگال قبرستان بن جائے؟" (افتتاحیہ روزنامہ زمیندار) ۲۵ دسمبر ۱۹۴۳ء

خاکسار آئین منظرِ عام پر

محاذِ بنگال سے فراغت کے بعد بانیٔ تحریک نے ملک کی سیاسی صورتِ حال کو اُبھرتی ہوئی تلخیوں سے بچانے کے لئے کانگرس اور مسلم لیگ کے باہمی سمجھوتے پر توجہ مبذول کی۔ ہندوؤں اور مسلمانوں کی ان ہر دو نمائندہ جماعتوں کی آویزش سے برصغیر کی آزادی کی منزل نگاہوں سے اوجھل ہوئی جا رہی تھی۔ عیّار اور مکار فرنگی حکمران اس سیاسی لڑائی سے فائدہ اُٹھا کر ملکی قیادت کو یہ چیلنج کر رہے تھے کہ ملک کی آزادی کا جو خاکہ بھی کثرتِ رائے کی تائید سے حکومت کے سامنے لایا جائے گا اُسے قبول کرتے ہوئے برطانوی حکمران برصغیر سے رخصت ہو جائیں گے۔ لیکن اپنی بھرپور سیاسی آویزشوں میں کوئی بھی اس چیلنج کو قبول کرنے کے قابل نہیں تھا۔ خاکسارِ اعظم نے ایک مدّت تک سیاسی رہنماؤں کو کسی سمجھوتے پر لانے کی کوشش کی اور جب اُن کی کوششیں ناکام ہو گئیں تو اُنہوں نے افرنگی سیاستدانوں کا چیلنج قبول کرتے ہوئے اُس آئین کی ترتیب شروع کر دی جو بعد میں "خاکسار آئین" کے نام سے دُنیا کے سامنے آیا۔ اِس آئین پر دستخط کرنے والے ممتاز ہندو، مسلم، سکھ لیڈروں میں قراردادِ پاکستان کے محرک ابوالقاسم فضل الحق، مہاسبھائی لیڈر ڈاکٹر مونجے اور ممتاز ترین اعتدال پسند سیاستدان سر تیج بہادر سپرو

سرِفہرست تھے۔ ۹ ستمبر ۱۹۴۵ء کو شاہی مسجد کے تاریخی خطاب میں خاکسارِ اعظم نے پہلی بار دُنیا کے سامنے اس آئین کی نقاب کشائی کی۔ ہمارے لئے ممکن نہیں کہ اس ضخیم اور تاریخی دستاویز کو بوضاحت ان کالموں میں لاسکیں۔ مختصراً حسبِ ذیل نکات اس آئین کے نمایاں پہلو تھے۔

(۱) آزاد ہندوستان کا صدرِ اعظم تین تین سال کیلئے باری باری ہندو اور مُسلمان ہو۔ اور ہندو صدرِ اعظم کی صورت میں وزیرِ اعظم لازماً مُسلمان ہو۔ اسی طرح مُسلمان صدرِ اعظم کی موجودگی میں وزیرِ اعظم لازماً ہندو ہو۔

(۲) ہندو اکثریت کے صوبوں کے حاکمانِ اعلیٰ ہندو ہوں اور مُسلم اکثریت کے صوبوں کے گورنر مُسلمان ہوں۔ آئینی بنیاد اچھا لباس، اچھی خوراک اور اچھا مکان یعنی ضروریاتِ زندگی کی بہتر سے بہتر فراہمی۔

(۳) مرکز میں ہندوؤں اور مُسلمانوں کو چالیس چالیس فی صد (یعنی برابر کی) نمائندگی، اچھوتوں کو دس فیصد، سکھوں کو چار فیصد، عیسائیوں کو تین فیصد یا جینیوں، پارسیوں اور بودھوں کو ایک ایک فیصد نمائندگی حاصل ہو۔

(۴) سرمایہ داروں کے استبداد سے محنت کش عوام کو محفوظ رکھنے کے لئے حلقہ ہائے نیابت آمدنی کے اعتبار سے تین حصّوں میں تقسیم کر دیئے جائیں اور اس طرح غریب کا ووٹ خریدنے کی سیاہ کاری ہمیشہ کے لئے ختم کر دی جائے۔

(۵) مُلک کے ہر شہری کیلئے فوجی تربیت تین سال تک لازم قرار دی جائے۔

(۶) مُلکی کرنسی کا معیار گندم ہو اور ایک روپیہ ہمیشہ کے لئے وُہ سکّہ ہو جو مُلک کے ہر حصّے میں کم از کم سولہ سیر گندم کی قیمتِ خرید بن سکے۔

(۷) ہر غریب ماں کے لئے اُس کے بچوں کا وظیفہ ماہانہ طور پر اُس وقت تک کے لئے مقرر کیا

جائے تاآنکہ وہ بچہ بڑا ہو کر کمانے کے قابل ہو جائے۔

(۸) عدالتی انصاف مفت حاصل ہو اور کورٹ فیس ختم کر دی جائے۔

(۹) چھوٹے کاشتکاروں کا لگان معاف ہو اور بڑے زمینداروں سے مالیہ ٹیکس کی شرح پر وصول کیا جائے۔

(۱۰) مقدمہ چلائے بغیر کسی شخص کو نظر بند نہ رکھا جائے اور بے گناہ ثابت ہونے پہ دورانِ مقدمہ کے تمام اخراجات ملزم کو ادا کیے جائیں۔

(۱۱) ہر صوبہ میں تدریجی شرح سے زکوٰۃ وصول کرنے کا انتظام سرکاری طور پر ہو اور قرآنِ حکیم کے احکام کے مطابق یتیموں، بیواؤں، بے کسوں کی پرورش اور تالیفِ قلوب حکومت کے ذمہ ہو۔

(۱۲) عدلیہ اور انتظامیہ کو ایک دوسرے سے علیحدہ کر دیا جائے اور عدلیہ کے معاملات میں حکومت کا ناجائز تصرف ختم کر دیا جائے۔

(۱۳) تعلیم مفت ہو اور چھوت چھات کو جرم قرار دیا جائے۔

(۱۴) تحریر و تقریر اور اظہارِ بیان کی پوری آزادی ہو اور پریس کو سرکاری دسترس سے آزاد رکھا جائے

"خاکسار آئین"، اس قسم کی لاتعداد دفعات پر مشتمل ہے اور یہ دفعات ایک آزاد مملکت کی خوشحالی و سربلندی اور تعمیر و ترقی کی واضح طور پر ضمانت پیش کرتی ہیں۔ ملک کے جن رہنماؤں نے اس دستاویز پہ دستخط کئے ملک کی چھبیس کروڑ آبادی اُن کی قیادت اور نمائندگی پر اعتماد کرتی تھی۔ لیکن افرنگی حکمرانوں کی یہ ستم ظریفی ملاحظہ ہو کہ لارڈ کوپ لینڈ کے چیلنج کا یہ تاریخی جواب جو برصغیر کے مستقبل کی عالم آرا تقدیر بن سکتا تھا اسے عمداً نظر انداز کیا اور جب وزارتی مشن اور کرپس مشن کے لیڈران یہاں تشریف لائے تو اُنہوں نے ایک سو کے قریب گمنام سے گمنام لیڈروں کو بھی ملاقات کی دعوت دی لیکن اس تاریخی شاہکار کے شہرہ آفاق مصنف کو اس بے حیائی اور

ڈھٹائی سے نظر انداز کیا گیا کہ افرنگی ذہنیت کا سارا بھرم بے نقاب ہو کر ہوشمند اور دوراندیش دنیا کے سامنے آگیا۔

افرنگی حکمرانوں کی آخری سازش

آزاد ہند فوج اور ہندوستان کے بحری بیڑے کی بغاوت نے افرنگی حکمرانوں کو یہ فیصلہ کرنے پر مجبور کر دیا تھا کہ اب ہندوستان پر بزور مسلط رہنا اُن کے بس کی بات نہیں۔ لیکن اپنی روائتی عیاری اور مکاری کے تحت وہ ملک سے رخصت ہوتے ہوئے دو بڑی قوموں میں ایسا مستقل ٹکراؤ پیدا کرنا ضروری سمجھتے ہیں۔ جس کے ذریعہ یہاں سے رخصت ہو جانے کے بعد بھی انکا سیاسی اثر قائم رہے۔ برصغیر کی وسعتیں ایک میدانِ جنگ کی صورت اختیار کر لیں اور یہ سرزمین لاکھوں بے گناہوں کے خون سے لالہ زار بنکر رہ جائے۔ یہی وہ سازش تھی جو ۱۹۴۶ء میں پہلے نواکھالی (بنگال) میں ہندو مسلم فساد بنکر نمودار اور پھر اسی سال کے اواخر میں سرزمین بہار کے چپے چپے پر اس طرح ہلاکت کی بجلیاں بنکر ٹوٹ پڑی کہ بیس لاکھ مسلمان دیکھتے ہی دیکھتے ہندو اکثریت کے قتلِ عام کا نشانہ بن گئے۔ اُن کی سینکڑوں بستیاں آگ کے شعلوں کی لپیٹ میں آکر خاکستر ہوگئیں۔ اور جو باقی بچے اُن کا کوئی والی وارث نہ رہا۔

بہار ریلیف کیمپ

بہار کے لاکھوں مسلمانوں کو ہندو اکثریت کے ظلم و تشدد سے بچانے کے لئے خاکسارِ اعظم نے ایک بار پھر اپنے غازیانِ تحریک کو میدان میں لانے کا فیصلہ کیا۔ اور بہار کے وزیر اعلیٰ کو لکھا کہ تباہ حال مسلمانوں کو اُن کے گھروں میں از سرِ نو آباد کرنے کے لئے خاکسار تحریک کی خدمات سے فائدہ اٹھایا جائے۔ کانگرس گورنمنٹ اپنی نیشنلزم کا بھرم رکھنے کے لئے اس پر آمادہ ہوگئی اور ایک طے شدہ پروگرام کے تحت خاکساروں کو پٹنہ میں اپنا ریلیف کیمپ لگانے کی اجازت دے دی گئی۔ یہ دسمبر ۱۹۴۶ء کے آخری ایام تھے

اس کیمپ کا افتتاح کرتے ہوئے حاکمِ اعلیٰ بہار محترم احمد دستگیر نے اپنے تاریخی اعلان میں کہا۔

جس قوم کا موت سے عشق اور موت کی تلاش اُسے صحرائے عرب کے بیابانوں سے اُٹھا کر ہندوستان کے صنم خانوں میں لے آئی تھی اُس میں آج پہلی دفعہ خوف کی گراوٹ پیدا ہوئی ہے اور اُس نے بہار سے راہِ فرار اختیار کرنے میں مصلحت سمجھی ہے۔ آج جبکہ ان مظلوموں کا کوئی والی وارث نہیں۔ خاکسار تحریک اس لئے آگے بڑھی ہے کہ سب کو بتا دے کہ بہار کے مُسلمانوں کی پشت پناہ بھی موجود ہے۔ ڈنکے کی چوٹ اعلان کر دے کہ اُجڑی ہوئی بستیاں پھر آباد ہوں گی۔ سب کی آنکھوں کے سامنے زور، طاقت اور حوصلے سے بسیں گی، خاکسار کے خون کے زور اور قوتِ بازو سے آباد ہوں گی۔ تمہاری شیطنت اگر بربادیاں پھیلا سکتی ہے۔ تو صاف دیکھ لو کہ ہماری روحانیت اُجڑے ہوؤں کو آباد کر سکتی ہے۔ تمہارے دیکھتے ہی دیکھتے اس اُجڑے ہُوئے چمن میں بہار آئیگی کونپلیں پھُوٹیں گی، کلیاں مُسکرائیں گی۔ زندگی قہقہے لگائے گی۔ اور اندھیرے میں اُجالا ہوگا۔

خُدا کے سپاہی اپنے امیر کی آواز پر مومنانہ عزم سے میدان میں اُترے۔ ریلیف کیمپ نے پورے ولولے سے آبادکاری کا آغاز کر دیا اور بہار کی کانگرس گورنمنٹ نے یہ سب کچھ دیکھا تو سینے پر سانپ لوٹنے لگا۔ اُجڑے ہُوئے مسلمانوں کی آبادکاری کا آغاز کئے ابھی چند ماہ گذرے تھے کہ خاکساروں سے ٹکراؤ کا بہانہ پیدا کر لیا گیا۔ اور ایک دن دیکھتے ہی دیکھتے پولیس نے خاکساروں کے ایک جیش کو اپنے محاصرہ میں لے کر گولیوں کی بوچھاڑ کر دی۔

خادمانِ خلق کی کتنی ہی تعداد خاک و خون میں تڑپ کر رہ گئی۔ اور ساتھ ہی خاکسار مرکز پر قبضہ کر کے خدا کے سپاہیوں کو گرفتار کر لیا گیا۔ کانگرس کی نیشنلزم کا یہ کارنامہ اُن فرشتوں کے خلاف سرانجام پایا جو تحریری معاہدے کی رُو سے اُس کے مہمان بنکر سرزمینِ بہار میں داخل ہوئے تھے۔ کانگرس کا نام نہاد مہاتما اُن دنوں خود بہار میں موجود تھا۔ وہ ہزاروں جن سنگھیوں اور کانگرسیوں کو جے ہند کے نعروں سے مُسلمانوں کی بستیاں تباہ کرتے دیکھتا رہا۔ لیکن خُدا کے سپاہیوں کو خدمتِ خلق کے چراغ روشن کرتے نہ دیکھ سکا۔ اور جب خادمِ خلق خاکسار گولیوں سے چھلنی ہو رہے تھے۔ تو وُہ وزیرِ اعلیٰ سری کرشن سنہا کیساتھ اس ظلم بے نہایت پر قہقہے لگا رہا تھا۔ دو سال قبل بنگال کے مسلم لیگی وزیرِ اعلیٰ خواجہ ناظم الدین نے ان فرشتوں پر ظلم ڈھا کر اپنے ارمان پورے کئے تھے۔ اور اب انڈین نیشنل کانگریس کے حُکمران اپنی نیشنلزم کا نیا عنوان خُونِ شہیداں سے ترتیب دے رہے تھے۔

دہلی کا آخری کیمپ

خاکسارِ اعظم نے نیکی اور خدمتِ خلق کا یہ انجام اشک بار نگاہوں سے دیکھا اور برِّ صغیر کی بگڑی بنانے کے لئے آخری آزمائش کا فیصلہ کر لیا پورے ملک میں اُس کا یہ اعلان سُنائی دیا کہ ——

تیس جون ۱۹۴۷ء کو تین لاکھ خاکسار لال قلعے کے سامنے جمع ہو جائیں۔ اگر یہ تعداد پوری ہو گئی تو آخری پروگرام دے دیا جائے گا ورنہ تحریک منتشر کر دی جائے گی۔

حُکم کے مطابق مقررہ تاریخ کو آسام سے پشاور تک کے خاکساروں کا تاریخی اجتماع جامع شاہجہانی اور لال قلعے کے مابین صف آرا تھا۔ دو روز بعد گنتی عمل میں آئی۔ خُدا کے سپاہی مقررہ تعداد بہم پہنچانے میں ناکام ثابت ہوئے اور اپنے امیر کی شرائط کو پُورا نہ کر سکے۔ نتیجہ وہی ہوا جس

کا پہلے سے دھڑکا لگا ہوا ہے ۔ ۲ر جولائی کی سہ پہر کو جامع مسجد کے صحن میں آخری اعلان سنایا جا رہا تھا۔ اور اسی ہزار سرفروشانِ تحریک کی آنکھوں میں حسرت و ناکامی کے آنسو تیر رہے تھے ۔ اعلان کا لبِ لباب یہ تھا کہ ـــــــ

خاکسار تین لاکھ کی شرط پوری کرنے میں ناکام رہے ۔ اس لئے بصد حسرت خاکسار تحریک کو منتشر کرتا ہوں اور اس کی قیادت سے دستبردار ہوتا ہوں ۔



خاکسارِ اعظم تحریک کے ابتدائی دور میں اپنے لختِ ہائے جگر سمیت

قیامِ پاکستان کے بعد

خاکسارِ اعظم کی زندگی کے

چند تاریخی اوراق

نئی مملکت میں احساسِ زیاں کی پکار

قیام پاکستان سے ڈیڑھ ماہ قبل علامہ صاحب نے دہلی کے آخری کیمپ کے موقع پر خاکسار تحریک کو منتشر کر دیا تھا۔ یہ اس عظیم مردِ قلندر کی سترہ سال کی اس جان توڑ جد و جہد کا قیمتی سرمایہ تھا جو اس مدت میں قوم کو فتح و غلبہ کی منزل تک پہنچانے کے لیے دن رات برابر جاری رہی۔ لیکن یہ سرمایہ جب بوقتِ ضرورت قوم کا رخ تقدیر بدلنے کے کام نہ آ سکا تو انہوں نے ہر ذاتی مفاد سے بالاتر ہو کر اسے قلندرانہ شان سے لٹا دیا۔ اس روز علامہ دہلی سے سینکڑوں میل دور لاہور بیٹھے ہوئے تھے اور جب دن کے پچھلے پہر جامع شاہجہانی کے منبر سے ان کے اس دو ٹوک فیصلے کا اعلان کیا جا رہا تھا تو چاروں طرف ایک قیامت مچی ہوئی تھی۔ غازیانِ تحریک کے آنسوؤں، آہوں اور کراہوں سے جامع مسجد دہلی کی فضا سوگوار تھی۔ لیکن سالارِ کارواں اپنے قافلے کی قیادت سے دست بردار ہونے کا جو فیصلہ کر چکا تھا وہ ناقابل بدل تھا۔ خاکسار تحریک سترہ سالوں کی مسلسل معرکہ آزمائی کے بعد میدانِ کارزار سے رخصت ہو رہی تھی اور کانگرس و مسلم لیگ کے لیے یہ کہہ کر میدان خالی کر رہی تھی کہ بساطِ سیاست کے مہرہ بازو! تم نے شاطرِ افرنگ کے فیصلوں پر سرِ تسلیم خم کرتے ہوئے اپنی

الگ الگ مملکتوں کا پروانۂ اقتدار حاصل کر لیا۔ اب اپنے اپنے دائرے میں تمہاری آزمائش کا دن شروع ہوتا ہے اور زمانے کی نگاہیں وہ سب کچھ اپنے سامنے پائیں گی جس کی میں قبل از وقت پیشگوئی کر چکا ہوں۔

صبحِ آزادی کا طلوع

۱۴ اگست کو آزادی کا طلوع ہوا لیکن اس انداز سے کہ ایک طرف اس جشنِ مبارک کی دھوم دھام تھی اور دوسری طرف دلّی سے واہگہ تک ایک منظم سازش کے تحت لاکھوں کا قتلِ عام شروع تھا۔ ہزاروں بستیاں آگ کی لپیٹ میں تھیں۔ لاکھوں جانیں بچاتے ہوئے موت کے گھاٹ اتارے جا رہے تھے۔ ہزاروں بہو بیٹیوں کی عصمت لُٹ رہی تھی۔ لاکھوں گھر بار چھوڑ کر پاکستان کی جائے پناہ کی طرف سیلاب کی طرح بہے چلے آ رہے تھے۔ یہ سب محمد بن قاسم، محمود غوری اور احمد شاہ ابدالی کے جانشین تھے جو ایک ہزار سال تک پورے بھارت پر اپنی حکمرانی کا سکّہ چلانے کے بعد اب پرتھوی راج، رانا پرتاپ اور سیلوا جی کے جانشینوں کے لئے تر نوالہ بنے ہوئے تھے۔ یہ وُہ قوم تھی جو لال قلعہ پر اپنا پرچم از سرِ نو بلند کرنے کیلئے تین لاکھ غازیانِ جانفروش کی شرط پوری نہ کر سکی لیکن اب جانیں بچانے کی دوڑ بھاگ میں اس سے بیس گنا تعداد میں گاجر مولی کی طرح سرِ راہ کٹ رہی تھی۔

تصویر کا نیا رُخ

یہ سب کچھ ہو رہا تھا لیکن مردِ مشرق اس طوفانِ قیامت میں تاریخِ اسلام

کا وُہ بدترین حادثہ ابھرتے دیکھ رہا تھا جس کی طرف کسی دوسرے کی نگاہ نہیں تھی ۔ وُہ کہہ رہا تھا۔

ایک ہزار برس سے اسلامی ممالک ایک سلسلۂ دراز کی کڑیاں بنکر رُوئے زمین کے بیچوں بیچ ریڑھ کی ہڈی کی طرح پھیلے ہوئے تھے۔ یہ سلسلہ دراز جاوا اور سماٹرا سے لیکر مراکش، الجزائر اور ٹیونس تک ہزاروں میل وسعت وسعت پذیر چلا آرہا تھا۔ اس ہزاروں میل کی وسعتوں میں صبح و شام خدا کی اذانیں گونجتی چلی آرہی تھیں۔ یہ تمام کڑیاں ایک دوسری سے اس طرح مربوط تھیں کہ ان کے مابین چند میل کا خلا بھی آج تک بار نہ پا سکا۔ ایک تہذیب و تمدن کی وارث قوم سیسہ پلائی دیوار کی طرح مشرق سے مغرب تک اپنی دفاعی لائن قائم کئے ہوئے تھی۔ اس پر عروج و زوال کے دَور آتے رہے۔ ان کی فتح شکست میں بدلتی رہی۔ اس کی قوتِ دفاع بارہا شکست میں کے زخموں سے بھی چوُر چوُر ہوئی لیکن اس نے اپنے بدترین دشمنوں کو کبھی یہ موقع فراہم نہ کیا کہ وُہ اس زنجیر سے کوئی چند کڑیاں بھی الگ کر سکیں ۔

لیکن.... آہ! آج صدیوں کی تاریخ میں پہلی بار اس سلسلۂ دراز کی چودہ سو میل لمبی کڑیاں کٹ کر گر رہی ہیں۔ ہمارے اپنے دستخطوں اور مہر تصدیق سے کٹ کر گر رہی ہیں۔ اور ہم اس پورے علاقے میں اپنی عظمتِ رفتہ کے ان نشانوں سے محروم ہو کر رہ گئے ہیں جو ہمارے فاتح آباؤ اجداد نے خون کے دریا بہا کر قائم کئے تھے

یہ حادثہ دُور رس نتائج کا حامل ہو گا۔ اور اگر ملّت پاکستان کے عزم محکم نے اس کی تلافی نہ کی تو اسکے زخم ایک دن ایسا ناسُور بن جائیں گے جس کا کوئی علاج ممکن نہ ہو گا۔ اور بھارتی حکمرانوں کا جوشِ انتقام اور جذبۂ استعمار، شرافت اور انسانیت کی تمام حدود توڑ کر وُہ کچھ کر گذرے گا جسکا جواب بے بسی اور بیچارگی کی امن پسندی سے ہرگز ممکن نہ ہو گا۔

علامّہ المشرقی ایک مدّت اسی حادثۂ غم کے جانگداز تصوّر میں کھوئے رہے۔ اسی دوران انہوں نے جموّں وکشمیر پر بھارتی فوجوں کی چڑھائی دیکھی۔ جوناگڑھ مناودر اور مانگرول کی پاکستانی ریاستوں کو بھارتی استبداد کا شکار بنتے دیکھا۔ دولتِ آصفیہ حیدر آباد دکن پر قبضہ جمانے کے ہتھکنڈے دیکھے۔ خاکسار تحریک کو ختم کرنے کے بعد وُہ اپنے آپ کو خاصی بیچارگی کے عالم میں پا رہے تھے اور جب اور کوئی صورت ممکن نہ پائی تو چپکے سے کشمیر کے محاذ پر پہنچ گئے وہاں زخمی ہو جانے پر انہیں راولپنڈی پہنچایا گیا لیکن اس سے منتشر شدہ خاکساروں کو ایک انتشار ضرور مل گیا۔ پنجاب اور صوبہ سرحد سے سرفروشانِ تحریک کی بہت بڑی تعداد محاذِ کشمیر پر پہنچ گئی اور انھینوں دادِ شجاعت دیتی رہی۔ موجودہ قائدِ تحریک میاں بشیر احمد صدیقی بھی ان مردانِ سرفروش میں شامل تھے اور آزادیٔ کشمیر کے اس معرکۂ کارزار میں جان کی بازی لگاتے رہے۔

انڈو پاکستان اسلام لیگ کا قیام

محاذِ کشمیر ہی کے دوران وہ وقت آگیا جب بھارتی مسلمانوں کے

قتلِ عام اور بھارتی حکمرانوں کے جور و استبداد سے بین الاقوامی سطح پر نپٹنے کے لئے علامہ نے انڈو پاکستان اسلام لیگ کے قیام کا فیصلہ کیا اور ۲۸ راگست ۱۹۴۸ء کو کپور تھلہ ہاؤس کے ایک لاکھ کے تاریخی اجتماع میں اسکی ضرورت و اہمیت واضح کرتے ہوئے باضابطہ اعلان کر دیا۔ اس سے چند ماہ قبل وُہ آغا علی بشر کو اپنے نمائندہ کی حیثیت سے ضروری دستاویزات دیکر امریکہ بھیج چکے تھے اور ان پر یہ فریضہ عائد کیا تھا کہ امریکہ میں پاکستانی سفیر چوہدری محمد علی بوگرہ سے (جن سے آغا صاحب کے ذاتی تعلقات بھی تھے) اور وزیر خارجہ چوہدری محمد ظفر اللہ سے (جو ان دنوں یو۔ این۔ او میں موجود تھے) کام لے کر بھارتی مسلمانوں کی نسل کشی کا مسئلہ سلامتی کونسل میں زیر بحث لانے کی صورت پیدا کریں۔ حکومتِ پاکستان کے یہ ہر دو ممتاز نمائندے تو اس معاملے میں کسی کام نہ آسکے لیکن آغا صاحب بعض دیگر ذرائع سے (جنکا ذکر یہاں مناسب نہیں) یو۔ این۔ او کے سیکرٹری جنرل مسٹر ٹریگولی سے رابطہ قائم کرنے اور متعلقہ دستاویزات سے متاثر کرنے میں کامیاب ہو گئے۔ بھارتی مسلمانوں کا استغاثہ باضابطہ طور پر بانیٔ اسلام لیگ کی طرف سے سیکرٹری جنرل کے سپرد کر دیا گیا اور پھر وُہ دن بھی آگیا جب یو۔ این۔ او کے سیکرٹری جنرل نے بھارتی حکومت کے خلاف اپنا مقدمہ لڑنے کے لئے علامہ صاحب کو باقاعدہ دعوت بھیجدی۔ لیگ آف نیشنز۔ اور یو۔ این۔ او کی تاریخ میں یہ پہلا موقع تھا کہ کسی مملکت کے شہری کو بھارت جیسی بااثر حکومت کے خلاف سلامتی کونسل میں یہ اعزاز بخشا گیا۔ اس مقدمہ کے لئے قانونی مشیر کے انتخاب کا قرعۂ فال

میاں تصدق حسین خالد بار ایٹ لا کے نام پڑا اور ۳۰۔ستمبر کو علامہ صاحب اور انکے مشیر قانونی پاسپورٹ کی درخواستیں حکومت پنجاب کے سپرد کر دی

جن دنوں علامہ المشرقی اس مقدمے کی تیاری میں مصروف تھے اس سے بہت قبل بھارتی حکومت اپنے سلامتی کونسل کے نمائندے کی وساطت سے اسی نئی صورت حال سے باخبر ہو چکی تھی۔ بھارتی وزیر اعظم پنڈت نہرو کیمرج یونیورسٹی میں علامہ صاحب کے کلاس فیلو رہ چکے تھے اور انکے شہرہ آفاق عالمی سکالر کے کردار کے علاوہ قائد خاکسار تحریک کی حیثیت سے انکی سخت کوششوں سے بخوبی آگاہ تھے۔ چنانچہ انہوں نے سب سے پہلے یہ کھیل کھیلا کہ انڈین مسلم لیگ کے صدر مسٹر محمد اسمٰعیل کے ذریعے اخباری دنیا میں یہ شور مچایا کہ بھارت کے مسلمانوں کو اپنی نمائندگی کے لئے نہ علامہ المشرقی کی ضرورت ہے اور نہ سلامتی کونسل کی۔ پنڈت نہرو ہی ان کیلئے سب سے بڑی سلامتی کونسل ہیں۔ بھارت یہ کچھ کر رہا تھا اور پنجاب گورنمنٹ علامہ صاحب کی پاسپورٹ کی درخواست پر نامنظوری کا فیصلہ صادر فرما رہی تھی۔

۱۳ اگست کو بھارتی پارلیمنٹ میں اسلام لیگ کے کردار سے متعلق جو سوالات کئے گئے انکا جواب دیتے ہوئے وزیر اعظم پنڈت نہرو نے جو کچھ کہا اُسکے حسب ذیل حصے قابلِ غور ہیں۔ پنڈت جی نے کہا—

اسلام لیگ واقعی پاکستان کے دو حصوں کے مابین واقع بھارتی صوبوں سے ضروری راستہ (کاریڈور) حاصل کرنے کے لئے

قانونی ذرائع کام میں لا رہی ہے۔

انہوں نے اس بیان میں یہ دھمکی بھی دی کہ

بھارتی حکومت اسلام لیگ کے خلاف حکومت پاکستان سے سخت اقدام کا مطالبہ کرے گی۔ اس تنظیم کا وجود ۱۹ اپریل کے معاہدہ کلکتہ کے منافی ہے۔ یہ بھارت کے خلاف ایک نیا شاخسانہ ہے اور میں پوری شدت سے یہ مطالبہ کرتا ہوں کہ اسلام لیگ بھارتی مسلمانوں کے نام اپنے پمفلٹس اور فارم ممکنیت بھیجنے بند کر دے۔ (الاصلاح۔ انگریزی ایڈیشن بابت ۱۵۔ مئی ۱۹۴۹ء)

اس کے جواب میں ۱۶ اگست کو علامہ صاحب کا حسب ذیل بیان بھارت کے ممتاز اخبارات سٹیٹسمین، امرت بازار پتریکا، ہندوستان سٹینڈرڈ، سٹار آف انڈیا، آزاد ہند، عصر جدید، ہندوستان ٹائمز کو بذریعہ تار بھیجا گیا۔

پنڈت نہرو کو یاد رکھنا چاہیئے کہ جمہوریت کے نام پر زندگی بھر کی جدوجہد کے باعث اس نے جو قوت حاصل کی ہے، اسکا جونا گڑھ، کشمیر اور حیدر آباد میں وحشیانہ استعمال اسے دنیا کی نگاہوں میں کوئی اچھا مقام نہ دلا سکے گا۔ اور اگر وہ اس خوش فہمی میں مبتلا ہیں کہ بھارت کے ساڑھے پانچ کروڑ مسلمان کیڑوں مکوڑوں کی طرح مٹائے جا سکتے ہیں تو اسکے نتائج کبھی مستحسن نہیں ہوں گے۔۔۔۔ ہر دو ملکوں کے باہمی سمجھوتے

کی رو سے یہ حقیقت دُنیا کے سامنے آچکی ہے کہ بھارت کے مُسلمان ہندوؤں سے قطعی طور پر الگ قوم ہیں اور پاکستان کے مسلمانوں سے ان کا جسم و جان کا ساگہرا رشتہ ہے۔ اس حقیقت کی روشنی میں پنڈت نہرو نے معاہدہ کلکتہ اور اس کے متعلقہ مذاکرات سے بڑا ہی غلط مفہوم اخذ کرنے کی کوشش کی ہے۔ حالانکہ اس دو قومی نظریے کی روشنی میں جسے کانگرس کو آخری مرحلے اور آخری خندق پر قبول کرنا پڑا، یہ غلط فہمی کوئی معنی نہیں رکھتی۔ میں پنڈت نہرو کو یقین دلاتا ہوں کہ اسلام کسی کی پیٹھ میں چھری گھونپنے کی اجازت نہیں دیتا اور اسلام لیگ کا موقف بھی وہی کچھ ہے جو اسلام کا۔ (الاصلاح۔ انگریزی ایڈیشن بابت ۱۵ مئی ۱۹۴۹ء)

سقوطِ حیدرآباد

۲۸ اگست ۱۹۴۸ء کو خاکسارِ اعظم نے کپور تھلہ ہاؤس کے تاریخی جلسے میں انڈو پاکستان کے قیام کا باضابطہ اعلان کیا۔ اس کے ٹھیک دو ہفتے بعد ۱۱ ستمبر کو بانیٔ پاکستان کی وفات کی خبر نے چاروں طرف صفِ ماتم بچھا دی۔ خاکسارِ اعظم بہ نفسِ نفیس کراچی پہنچ بانیٔ مملکت کے جنازے میں شریک ہوئے۔ اسی قومی حادثے کے دوران بھارتی حکمرانوں نے انسانی شرافت کے تقاضوں کو بالائے طاق رکھ کر حیدرآباد پر حملہ کر دیا۔ اور اس مختصر سے مقابلے کے دوران دولتِ آصفیہ کی ناموس بھارت کے پنجۂ استبداد میں پھڑ پھڑا رہی تھی۔

عالم اسلام پر یہ قیامتیں گذر رہی تھیں اور خاکسار اعظم پیچ و تاب کھا کھا کر اپنے پاسپورٹ کی منظوری کا انتظار کر رہے تھے۔ وہ چاہتے تھے کہ انہیں پر لگ جائیں اور اُڑ کر سلامتی کونسل میں پہنچیں۔ یو۔ این۔ او کے سیکرٹری جنرل کی دعوت ان کے سامنے پڑی تھی اور وہ حکومت پاکستان کی نظر کرم کے محتاج تھے کہ ۹۔ نومبر کو لاہور کے ڈپٹی کمشنر نے انہیں حکومت پنجاب کے یکم نومبر کے خط کے حوالے سے مطلع کیا کہ انہیں یو۔ این۔ او میں پہنچنے کے لئے پاسپورٹ نہیں دیا جا سکتا۔ اسلامی تاریخ میں بے حیائی کا یہ انتہائی شرمناک کردار تھا کہ جو حکومت بھارتی مسلمانوں کے قتل عام اور دولت آصفیہ کی بربادی کا منظر مہر بلب دیکھتی رہی وہ دوسروں کو بھی یہ موقع فراہم کرنے کے لئے تیار نہ ہوئی کہ وہ اقوام عالم کی بارگاہِ انصاف میں بھارت کے اس گھناؤنے کردار کا محاسبہ کر سکیں۔

اپنی مایوسی اور بے چارگی کے اس عالم میں بھی علامہ نے ایک طویل برقیے کی صورت میں یو۔ این۔ او کے سیکرٹری جنرل، امریکہ و برطانیہ اور اسلامی ممالک کے نمائندوں کو بھارت کی اس دھاندلی سے حسب ذیل الفاظ میں مطلع کیا۔

"دورِ مظلمہ کی ایک وحشت پسند اور درندہ صفت قوم نے تیرہ ماہ کی نسل کشی کے بھیانک ارتکاب سے تاریخ انسانی کے تمام ریکارڈ توڑ ڈالے ہیں۔ اس نے ہٹلر کے نام کو مات کر ڈالا ہے لیکن نوع انسانی کی سرپرستی کی مدعی یو۔ این۔ او ابھی تک اپنے خوابِ خرگوش سے کروٹ لے کر ضروری اقدام کے لئے حرکت

میں نہیں آئی۔ چھ کروڑ انسانوں کا نام ونشان مٹانے اور تین ریاستوں کو بے ڈکار ہضم کرنے کے بعد بھی، پتہ نہیں، عالمی امن کا یہ ادارہ کس انتظار میں ہے۔ اپنی پوری زندگی ہندو مسلم مفاہمت کے لئے وقف رکھنے کے بعد، اب بانیٔ اسلام لیگ کی حیثیت سے، جو مشرقی و مغربی پاکستان کے مابین واقع بھارتی صوبوں کے درمیانی خطوں کے الحاق سے ضروری علاقہ حاصل کرنے کی دعویدار رہے، آپ سے یہ التجا کرتا ہوں کہ تاریخ کے اس اندوہناک حادثے کا فوری تدارک کیجئے۔ کیا سقوطِ حیدر آباد کے اس تازہ اقدام پر بھی یو۔این۔او کی آنکھیں نہیں کھلیں گی اور وہ اس "شریفانہ استبداد" کو جہنم رسید نہیں کرے گی؟ کیا آپ بہ نفس نفیس اس کا مزید انتظار فرمائیں گے کہ بیس لاکھ مزید انسانوں کا نام ونشان مٹ جائے۔

عنایت اللہ خان المشرقی

(انگریزی ایڈیشن الاصلاح ویکلی بابت ۱۵ مئی ۱۹۴۹ء)

یہاں اور وہاں — ایک ہی پالیسی

بھارتی حکمران اپنے ملک کے مسلمانوں کا نام ونشان مٹائے جا رہے تھے۔ ان کی ریاستیں فوج کشی سے قبضے میں لائی جارہی تھیں۔ اور حکومتِ پاکستان کے راج دُلارے نہ صرف خود یتیموں اور مسکینوں کی طرح اس جارحیت

اور استبداد کے کرشمے دیکھ رہے تھے بلکہ خاکسارِ اعظم کے لئے یو۔ این۔ او میں پہنچنے کے دروازے بند کرتے ہوئے بھارت کی حوصلہ افزائی کا سامان مہیا کر رہے تھے۔ انہوں نے ایک قدم آگے بڑھایا اور چند ہی دن بعد اسلام لیگ کے مختلف مراکز پر چھاپے مار کر تمام لٹریچر ضبط کر لیا جو بھارتی استبداد کو بے نقاب کرنے کے لئے آیاتِ قرآنی کے ساتھ شائع ہوا تھا۔

۲۰ نومبر ۴۹ء کو خاکسارِ اعظم نے لائل پور میں اسلام لیگ کی پہلی آل پاکستان کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے حکومتِ پاکستان کی اس بدکرداری اور بے حسی کی تفصیل بیان کی اور فرمایا ـــــ

ان حالات میں صرف اسلام لیگ ہے جو جنگل میں آوازیں لگا رہی ہے۔ بے رحم پولیس درندوں کی طرح سروں پر سوار ہے۔ گھروں کی تلاشیاں لی جا رہی ہیں۔ ہتھکڑیاں اور بیڑیاں کھائی جا رہی ہیں۔ آرڈی ننس نافذ ہو رہے ہیں۔ تاکہ اسلامی اخوت کی یہ آواز بھی دب کر رہ جائے۔

علّامہ صاحب نے حکومت کو متنبہ کیا کہ

قرآن کا اسلام ایک غیر متبدل حقیقت ہے اور حکومت کی یہ روش ان حقائق کو بدل نہیں سکتی۔ خدا کا دین وہ مضبوط چٹان ہے جس سے صدہا جابرانہ قوانین ٹکرائے اور پاش پاش ہو گئے۔ آخری فتح اسلام ہی کو حاصل رہی اور ایسی حکومتوں کا نام و نشان تک مٹ گیا

حکومت پاکستان بجائے اس کے کہ تلافیٔ مافات سے کام لیتی، ان کھری کھری باتوں سے تلملا اٹھی اور وہ اخبارات اس کے استبداد کی زد میں آگئے جن میں یہ خطاب شائع ہوا تھا۔ اس سلسلے میں جب لائل پور کے روزنامہ "انصاف"، پر اپنی حکومت کا نزلہ گرا تو ساتھ ہی بھارتی ریڈیو نے بھی اسی خطاب کی بنا پر یہ اعلان کیا کہ اس اخبار کا داخلہ بھارت میں بند کر دیا گیا ہے گویا بھارتی مسلمانوں اور دولت آصفیہ کی حمایت میں بلند ہونے والی آواز جہاں بھارت میں ناقابل برداشت سمجھی گئی وہاں حکومت پاکستان کی بارگاہ میں بھی جرم قرار پا گئی۔

گوجرانوالہ کے جلسۂ عام کا ایک منظر۔ خاکسارِ اعظم مائیک کے قریب نظر آ رہے ہیں



منٹو پارک میں خطرے کا الارم

اگلے سال ۳۰ دسمبر ۱۹۵۰ء کو منٹو پارک لاہور کی سہ روزہ کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے خاکسار اعظم نے بھارت کی اس ہلاکت خیز سازش سے نقاب اٹھایا جو دریاؤں کا رُخ بدل کر پاکستان کو ویران کرنے کے لئے بروئے کار آرہی تھی۔ خطرے کا یہ الارم بھی حکومت پاکستان کی میٹھی نیند میں خلل اندازی کا باعث ہوا۔ اس کی جبینِ ناز شکن آلود ہوئی اور ۱۲ جنوری ۵۱ء کو علامہ صاحب اپنے ممتاز رفقاء سمیت گرفتار کر کے مختلف جیلوں میں ٹھونس دیئے گئے۔ خرابیٔ صحت کے باوجود خاکسار اعظم کو ڈیڑھ سال کی یہ نظر بندی میانوالی جیل جیسے جہنم میں گذارنی پڑی اور جولائی ۵۲ء میں جب انہیں ہائیکورٹ کی ہدایت پر رہا کیا گیا تو سرطان کی بیماری انکی صحت کو اپنے چنگل میں لے



ڈاکٹر سید عبدالودود اسلام لیگ کانفرنس سے خطاب کر رہے ہیں

چکی تھی۔ رہائی کے تھوڑے ہی دن بعد وہ حج پر روانہ ہو گئے اور اس سال کا باقی حصّہ اور آئندہ سال پنجاب، سرحد اور سندھ کی کانفرنسوں کے سلسلے میں دورے پر گذرا۔

اظہارِ جرم سے حکومت کا فرار

اس سلسلے میں یہ واقعہ خاص طور پر قابلِ ذکر ہے کہ علاّمہ موصوف کی نظر بندی کے دوران، بھارتی حکومت کے جواب میں حکومت پاکستان نے ۱۲ اگست ۵۱ء کو ایک وائٹ پیپر شائع کیا جس میں بھارت کے الزامات کا جواب دیتے ہوئے یہ واضح کیا گیا کہ کس طرح ڈاکٹر راجندر پرشاد، سردار پٹیل، جے پرکاش نرائن، ڈاکٹر رام منوہر لوہیا، شیام پرشاد مکرجی جیسے چوٹی کے لیڈر پاکستان کے خلاف زہر افشانی کے مجرم ہیں۔ اس کے بعد ارشاد ہوتا ہے ——

لیکن اس کے باوجود حکومت پاکستان ہندوستان کی علاقائی یک جہتی کے خلاف ہر قسم کے پروپیگنڈے کو باقاعدہ اور مسلسل روا رکھتی رہی۔ اور بوقتِ ضرورت اس نے عملی اقدام سے بھی گریز نہیں کیا۔ مثال کے طور پر جب خاکسار تحریک کے لیڈر علاّمہ المشرقی نے اپنی تنظیم میں بعض ایسے مقاصد کو شامل کیا جن پر ہندوستان میں اعتراض کیا جا سکتا تھا تو حکومت پاکستان نے اس کے خلاف انسدادی کارروائی کی اور اس کا وجود ہی ختم کر دیا۔

یعنی اس اعتراف کے باوجود کہ بھارتی حکومت نے پاکستان کے خلاف منافرت کا زہر

پھیلانے والے لیڈروں کے خلاف کوئی اقدام نہ کیا، پاکستان کی حکومت نے اپنے ملک کے نامور قائد علامہ المشرقی کو جیل میں ٹھونسنے اور انکی اسلام لیگ کا وجود ختم کرنے میں کوئی دقیقہ فروگذاشت نہیں کیا۔ علامہ کا جرم یہ بتایا گیا کہ "انہوں نے اپنی تنظیم میں ایسے مقاصد شامل کیے تھے جن پہ بھارت میں اعتراض کیا جا سکتا تھا۔"

یہ حکومت پاکستان کے سرکاری وائٹ پیپر کا اعلان تھا۔ لیکن اگلے سال جب ہائی کورٹ میں علامہ صاحب کی طرف سے دائر شدہ رٹ درخواست کی سماعت کے دوران چیف جسٹس محمد منیر نے حکومت سے نظر بندی کی وجہ جواز طلب کی تو ہوم سیکرٹری نے صوبائی گورنر کی نمائندگی کرتے ہوئے اپنے بیان میں یہ عرض کیا کہ گورنر علامہ صاحب کا جرم ظاہر کرنا مفاد عامہ کے منافی سمجھتے ہیں۔ حسین شہید سہروردی اور میاں محمود علی قصوری عدالت عالیہ میں علامہ صاحب کی نمائندگی کر رہے تھے اور انہوں نے عدالتِ عالیہ کو بتایا کہ جو حکومت عدالت عالیہ میں علامہ صاحب کا جرم ظاہر کرنا مفاد عامہ کے منافی سمجھتی ہے وہ اخبارات میں اس "جرم" کی تشہیر کر چکی ہے۔ جواباً ہوم سیکرٹری نے سرکاری ترجمان کے پریس نوٹ سے کھلے انکار کی دیدہ دلیری دکھائی لیکن اس کے ساتھ ہی علامہ کے وکلاء کی طرف سے اخبارات کے نام جاری شدہ پریس نوٹ کی اصل کاپی عدالتِ عالیہ میں پیش کر دی گئی اور حکومت کے نمائندوں کے پاس اپنی خفت مٹانے کی کوئی وجہ جواز موجود نہ تھی۔

نظر بندی سے رہائی کے بعد

۱۴ر جولائی ۱۹۵۲ء کو میانوالی جیل کی ڈیڑھ سالہ رہائی کے بعد علامہ المشرقی کی

رہائی عمل میں آئی۔ اس موقع پر اخباری نمائندوں کو ایک بیان دیتے ہوئے انہوں نے فرمایا :-

"پچھلے سال پنجاب کے انتخابات کے موقع پر میری گرفتاری اور ایک مسلمان حکومت کی طرف سے جیل میں اٹھارہ ماہ تک مسلسل ایذا رسانی کے بعد شاید حکمرانوں کا دل ٹھنڈا ہو گیا ہو لیکن میرے دل میں ان لوگوں کے خلاف کوئی تلخی موجود نہیں۔ اس دوران ملک کی مختلف جماعتوں اور اخبارات نے میری رہائی کے لئے مسلسل طور پر جو آواز اٹھائی، میں اس کا شکر گذار ہوں۔ میں ان الزامات کی کھلی تردید کرتا ہوں جو میری نظر بندی کے دوران اخبارات کے ذریعے مجھ پر لگائے گئے۔ میری زندگی کا بڑا حصہ انگریزی حکومت میں مسلمانوں کو طاقت ور بنانے کے لئے وقف رہا۔ اور ایسا وہم بھی نہیں کیا جا سکتا کہ میں پاکستان کو نقصان پہنچانے کی کوئی کوشش کروں۔ میں نے پاکستان کی خاطر خاکسار تحریک کو منتشر کر دیا تھا اور اب مجھ پر یہ الزام انتہائی بے معنی ہے کہ میں حکومت سے جنگ کرنے کا کوئی ارادہ رکھتا ہوں۔

موجودہ حکمرانوں نے ملک کو ہر لحاظ سے تباہی کے کنارے پہنچا دیا ہے اور میرے نزدیک اب ملک کو بچانے کا آخری اور حتمی علاج یہ ہے کہ حکومت پورے خلوص سے تمام جماعتوں کے بہترین نمائندوں کو تعاون کی دعوت دے۔ اگر ایسا نہ ہوا تو پاکستان کا وجود برقرار رکھنا ناممکن ہو جائے گا۔ اس لئے میں براہ راست اپنی یہ تجویز گورنر جنرل اور وزیر اعظم

کو بھیج رہا ہوں۔



شاہی مسجد میں خطاب عام


۱۰ر جولائی کو، اپنی رہائی کے چھ روز بعد، علامہ شاہی مسجد میں نماز جمعہ ادا کرنے گئے تو ہزاروں حاضرین کے اصرار پر خطاب کرتے ہوئے انہوں نے فرمایا:۔

پاکستان کے حکمرانوں کو اس سوال کا جواب دینا چاہیئے کہ جب ملک کے نوے فیصد غریب اور محنت کش عوام کو روٹی اور ہنر مندی کی آزادی حاصل نہیں

توان کی نمائندگی اور جمہوریت کا دعویٰ کیونکر جائز قرار پا سکتا ہے۔ عوام کی نمائندہ اور جمہوری حکومت قائم کرنے کا واحد راستہ یہ ہے کہ ان نوے فیصد عوام کے حلقہ ہائے انتخاب الگ کر دیئے جائیں اور ان حلقوں سے انہیں اپنے نمائندے منتخب کرنے کا حق عطا کیا جائے۔ اس سے خود ساختہ حکمرانوں کے ان جھوٹے دعووں کا پول بخوبی کھل جائیگا کہ عوام میں انکی قدر و قیمت کیا ہے۔

عزمِ حج

۲۴ اگست کو علامہ المشرقی بذریعہ ہوائی جہاز حج پر روانہ ہو گئے۔ اسلام لیگ کے سیکرٹری جنرل ڈاکٹر سید عبدالودود شاہ ابن سعود کو انکی روانگی سے بذریعہ تار مطلع کر چکے تھے۔ چنانچہ جب ہوائی جہاز انہیں لے کر جدہ پہنچا تو حکومت سعودیہ نے سرکاری مہمان کی حیثیت سے انہیں خوش آمدید کہا اور انہیں شاہ حجاز سے کئی ایک ملاقاتوں کا موقع ملا۔ ۱۶ ستمبر کو حج سے واپسی پر کراچی ایرپورٹ پر انکا شاہانہ خیر مقدم عمل میں آیا۔ اس خیر مقدم میں ان کے میزبان اور سابق وزیر اعظم سندھ پیر الہٰی بخش بھی شریک تھے۔ کراچی کی ایک دعوتِ استقبالیہ میں پراونشیل اسلام لیگ کی طرف سے انکی خدمت میں ایک سپاسنامۂ خیر مقدم پیش کیا گیا جس میں ملتِ اسلامیہ کے لئے انکی تاریخی خدمات پر نذر تحسین پیش کی گئی اور حکمرانوں کی اس دھاندلی اور استبداد کی پرزور مذمت کی گئی جس کے تحت قائد موصوف ڈیڑھ سالہ نظربندی کا شکار



بنائے گئے اور انکی صحت کو ناقابل تلافی نقصان پہنچایا گیا۔

۲۰ ستمبر کو لاہور ایئرپورٹ پر بھی انکا بے مثال استقبال ہوا۔ انہیں جلوس کی شکل میں اسلام لیگ کے مرکزی دفتر تک لایا گیا۔ اگلے روز زندہ دلانِ لاہور نے ایک لاکھ کے اجتماع عام میں انہیں باغ بیرون موچی دروازہ میں خوش آمدید کہا۔ ان کے اعزاز میں ایڈریس پیش کیا گیا اور ڈیڑھ سالہ نظربندی کے بعد وہ پہلی بار اس تاریخی جلسے میں عوام سے مخاطب ہوئے۔


خطرے کی نشاندہی

جج سے واپسی کے بعد خاکسارِ اعظم نے عوام کو ان خطرات سے آگاہ کرنے کا عزم کیا جو اندر ہی اندر پاکستان کی سلامتی کو اپنے چنگل میں لینے بڑھے آ رہے تھے۔ وہ چاہتے تھے کہ عوام کو بھارت کی سازشوں کا بروقت اندازہ لگ جائے اور وہ ان سے نبٹنے کے لئے پُرعزم تیاری سے کام لیں۔ اس مقصد کے تحت پنجاب و سرحد کے اہم مراکز میں اسلام لیگ کے زیر اہتمام کانفرنسوں کا پروگرام مرتب ہوا اور اس سلسلے کی پہلی کانفرنس ۹ اکتوبر کو گوجرانوالہ میں تھی۔ بانیٔ اسلام لیگ نے اس کانفرنس سے خطاب کیا لیکن ان کی صحت کی خرابی نے انہیں اگلے مراکز کی طرف بڑھنے کی اجازت نہ دی۔ سیالکوٹ، وزیر آباد، گجرات، جلال پور جٹاں، کیملپور وغیرہ کی کانفرنسوں میں انکی کمی انتہائی شدت سے محسوس کی گئی۔ میانوالی جیل کی ڈیڑھ سو دن کی بھوک ہڑتال نے ان کے معدے میں زخم کر ڈالے تھے۔ ان سے برابر خون رِس رہا تھا۔ یہی بیماری بعد ازاں سرطان کی جان لیوا

صورت اختیار کر گئی۔

۲۴ر اکتوبر کو اسی پروگرام کے مطابق راولپنڈی میں ایک تاریخی کانفرنس کا انتظام تھا۔ اسکی تیاریاں کئی دن سے برابر جاری تھیں۔ ۲۴۔ اکتوبر ویسے بھی آزادیٔ کشمیر کی جد و جہد میں ایک سنگِ میل کا درجہ رکھتا تھا۔ چنانچہ صورت حال کی اہمیت کے پیشِ نظر علامہ خرابیٔ صحت کے باوجود راولپنڈی پہنچے اور لیاقت باغ میں ایک ایسے اجتماع عظیم سے خطاب کیا جو حاضری کے اعتبار سے اپنی مثال آپ تھا۔ یہ مختصر سا جامع خطاب علامہ موصوف کی مومنانہ فراست اور دُور اندیشی کا شاہکار تھا۔ اس میں آنے والے خطرات کی واضح نشاندہی تھی۔ حکومت کی بے حسی کا ماتم تھا اور عوام سے یہ اپیل تھی کہ پاکستان کو ان خطرات سے بچانے کے لئے جو کچھ کر سکتے ہیں، کر گذریں۔ انہوں نے مسئلہ کشمیر کا ذکر کرتے ہوئے یہ پیشگوئی فرمائی کہ:۔

> یوم کشمیر کے اس موقع پر اسی راولپنڈی میں، جو حکومت آزاد کشمیر کی سرگرمیوں کا مرکز بھی ہے، میں یہ اعلان کرنا ضروری سمجھتا ہوں کہ جو کچھ معلوم ہوا ہے، اس کے مطابق یو۔ این۔ او کا آئندہ پروگرام






خاکسار اعظمؒ حج سے واپسی پر (والٹن ایئر پورٹ لاہور)

کچھ ٹال مٹول کے بعد، یہ ہوگا کہ بھارت کی ناراضگی سے بچنے کے لئے وہ مسئلہ کشمیر کو ہی کھٹائی میں ڈال دے۔ اور آہستہ آہستہ کچھ اور آئیں بائیں اور شائیں کر کے یہ کہدے کہ چونکہ کشمیر کا معاملہ بہت کچھ صاف ہوچکا ہے اور صرف چند اختلافی اُمور باقی ہیں، اس لئے پاکستان اور بھارت یہ باقی مسائل آپس میں بیٹھ کر از خود طے کر لیں۔ مسلمانو! میں تمہیں انتہائی وثوق سے متنبہ کرتا ہوں کہ جس دن ناجائز طور پر، اور کامل بدنیتی سے یو۔ این۔ او نے یہ خطرناک فیصلہ صادر کر دیا، یقین جانو کہ اُس دن کشمیر قیامت تک کے لئے تمہارے ہاتھ سے نکل جائے گا۔ اور تم پھر بھی اسی طرح اُمیدوں کے بہشت میں بیٹھے رہو گے کہ کیا ہوا، باقی باتیں جلد طے ہو جائیں گی اور ہمارے سیاستدان کسی نہ کسی سمجھوتے پر پہنچ ہی جائیں گے۔

(خطاب راولپنڈی۔ ۲۴۔ اکتوبر ۱۹۵۲ء)

یہ کہتے ہوئے علامہ کی آواز ایک مردِ قلندر کا نعرہ بن گئی اور انہوں نے صورِ نجال سے نقاب اُٹھاتے ہوئے یہ آخری الفاظ کہے کہ

اگر یو۔ این۔ او کے ذریعے کشمیر ہاتھ سے نکل گیا اور اسی طرح آہستہ آہستہ نکل گیا جس کی وضاحت میں نے یقینی طور پر کی ہے، تو یاد رکھو تمہارا صرف اللہ بیلی ہوگا۔ تمہارے کوئی یار و مددگار پوری دنیا میں نہ ہوگا۔ اور تمہیں اس کا موقع ہی نہیں دیا جائے گا کہ تم کشمیر کے متعلق کوئی آواز اُٹھا سکو۔ یاد رکھو! وہ دن تمہارے پچھتاوے کا

سب سے بڑا دن ہوگا اور پچھتاوے کا دن ہی قوموں کے لئے قیامت کا دن ہوتا ہے۔ اس دن تمہاری کچھ نہ چل سکے گی اور تم چراغِ سحری کی مانند آخری آہ بھر کر ہمیشہ کے لئے خاموش ہو جاؤ گے (ایضاً)

وحدتِ مغربی پاکستان کی پہلی آواز

پاکستان کو قائم ہوئے پانچ سال گذر چکے تھے۔ یہ ملک لا الٰہ الا اللہ کے نام پر وجود میں آیا تھا لیکن ابھی تک اسکی دستور ساز اسمبلی اپنے قومی دستور کے بنیادی خدوخال بھی مرتب کرنے کے قابل نہیں ہوئی تھی۔ خدا خدا کر کے ۲۳ دسمبر ۱۹۵۲ء کو بنیادی اصولوں کی کمیٹی نے اپنی رپورٹ شائع کی۔ ۲۶ ستمبر کی صبح کو ان سفارشات کے بارے میں خاکسار اعظم کا جو بیان شائع ہوا اس میں انہوں نے دو ٹوک الفاظ میں بنیادی حقوق کے نام پر اِن آئینی سفارشات کو حکمران منڈلی کی حکمرانی کی گرفت کو مضبوط تر کرنے کی ایک فریب انگیز کوشش قرار دیا۔ انہوں نے نشاندہی فرمائی کہ رپورٹ کے مصنفوں نے اپنی اس رپورٹ میں صدیوں کے زوال یافتہ اور رسمی اسلام کا جو تصوّر پیش کیا ہے یہ انسانوں کے اس خود ساختہ اسلام کا تصوّر ہے جسے قبول کرنے میں انگریزوں کو بھی اپنے دورِ حکومت میں کوئی مضائقہ نہیں تھا۔ وہ عراق جیسے ملکوں میں خود ایسا دستور بروئے کار لاتے تھے اور عربوں کو خوب احمق بناتے رہے۔

بنیادی اصولوں کی اس رپورٹ پر ملک کے مختلف سیاسی حلقوں میں تین ہفتوں سے زیادہ عرصہ تک بحث جاری رہی تا آنکہ ۱۷۔ جنوری ۱۹۵۳ء کی

سہ پہر کو ایسوشی ایٹڈ پریس آف پاکستان کے نمائندے نے علامہ صاحب سے ملاقات کی اور اس بحث و تنقید کے بارے میں، جو رپورٹ پر جاری تھی۔ ان کا آخری اور قطعی نقطہ نظر معلوم کرنے کی خواہش کی۔ چنانچہ اس سلسلے میں علامہ موصوف نے جو تحریری بیان مذکورہ نمائندے کے سپرد کیا اس میں بڑی اہم تجاویز بھی شامل تھیں۔ ان تجاویز کا چھٹا نکتہ اس حقیقت پر مرکوز تھا کہ مشرقی و مغربی پاکستان کی وحدت کو زیادہ سے زیادہ مستحکم کرنے کے لئے اسلامی نظریۂ حیات کو فروغ دیا جائے اور مغربی پاکستان کے مختلف صوبوں کو ایک نظام میں یکجا کر کے ایک وحدت میں لایا جائے اور اس طرح وحدت مغربی پاکستان کا قیام عمل میں لا کر مشرقی و مغربی پاکستان کو اصول مساوات کی بنا پر متحد کر دیا جائے تاکہ اس کے نتیجے میں ایک مضبوط اسلامی مملکت کی تشکیل ممکن ہو۔

خاکسار اعظم نے وحدت مغربی پاکستان کی یہ تجویز ۱۷ر جنوری ۱۹۵۳ء کو پیش کی تھی۔ اس وقت ون یونٹ کے قیام کا کوئی تصور بھی حکومت یا کسی سیاست دان کے دل میں موجود نہیں تھا۔ لیکن اس کے ٹھیک پونے تین سال بعد — یعنی ۱۴۔ اکتوبر ۱۹۵۵ء کو — واقعی "وحدت مغربی پاکستان" نے ایک جیتی جاگتی حقیقت کا روپ دھار لیا اور اس کا سہرا برسر اقتدار سیاستدانوں کے سر بندھ گیا۔ لیکن تاریخ کے مؤرخ اس حقیقت کو نظر انداز نہیں کر سکیں گے کہ قیام وحدت کی یہ تجویز اس سے بہت قبل خاکسار اعظم کے دماغ سے ابھری تھی۔

وادیٔ مہران کے دورے پر

۲۱۔ فروری ۱۹۵۳ء کو بانیٔ اسلام لیگ صوبہ سندھ کے دورے پر روانہ ہوئے



خاکسارِ اعظمؒ حیدر آباد میں کوٹھری بیراج پر


اس دَورے کا آغاز ۲۲۔ فروری کو صوبائی دارالسلطنت حیدر آباد سے ہوا جہاں ریلوے اسٹیشن پر شاہانہ استقبال کے بعد وہ ایک جلوس کی صورت میں سجے سجائے بازاروں اور لاتعداد دروازوں سے گذرتے ہوئے جاتے قیام تک پہنچے اور رات کو ایک لاکھ کے اجتماعِ عظیم سے خطاب کرتے ہوئے یہ واضح کیا کہ خرابیٔ صحت کی اس کیفیت میں وہ سرزمین سندھ کے عوام کو اس خطرے سے آگاہ کرنے کے لئے آئے ہیں جو بھارتی حکمرانوں کی دریاؤں کے رُخ بدلنے کی سازش کے تحت سندھ کے سُونا اُگلتے ہوئے کھیتوں کو بنجر بنا ڈالے گا۔ اُنہوں نے اس سلسلے میں وزیرِ اعظم

خواجہ ناظم الدین سے اپنی چند روز قبل کی مایوس کن ملاقات کا بھی ذکر کیا اور کہا —
ڈھائی گھنٹے کی اس طویل ملاقات کے بعد میرا اندازہ ہے کہ خواجہ
ناظم الدین جسمانی طور پر شاید تندرست ہوں لیکن ذہنی طور پر وہ
شدید بیماری میں مبتلا ہیں اور ایسے بیمار ذہن کا کوئی وزیراعظم پاکستان
کو اس نازک صورت حال سے نہیں بچا سکتا جس میں وہ مبتلا ہے۔

(خطاب حیدرآباد - ۲۲- فروری ۱۹۵۳ء)

انہوں نے پاکستانی عوام سے اپنے گلے کا اظہار کرتے ہوئے کہا —
پاکستان کے عوام کو گہری نیند سے جگانے کے ہم نے ہزاروں جتن کئے لیکن
ہماری چیخ و پکار کا کوئی نتیجہ نکلا تو یہ کہ قوم کو جگانے کے جرم میں مجھے
قید کر دیا گیا تاکہ کبوتر بلی کو دیکھ کر کچھ دیر اور آنکھیں میچ لے لیکن
یاد رکھو کہ آنکھیں میچ لینے سے بلائیں اور موتیں ٹلا نہیں کرتیں ......
اس لئے غیرت کا تقاضا آج صرف یہ ہے کہ مرنے سے قبل موت سے
کھیل جاؤ۔ اور خدا کے اس قہر کو جو تمہاری غفلتوں، بداعمالیوں
اور ناانجام شناسیوں سے آرہا ہے اپنی آزمائش اور امتحان کا
آخری موقع سمجھ کر وہ ناقابل شکست سامان پیدا کر دو کہ تمہارے
ایمان کی چنگاریوں کو دیکھ کر خدا کا قہر رحم میں بدل جائے (ایضاً)

۲۷ فروری کو علامہ صاحب میرپور خاص، ٹنڈو آدم، نواب شاہ، دادو اور سکھر سے ہوتے ہوئے
لاڑکانہ پہنچے۔ ۲۰ فروری کی سہ پہر کو جناح گارڈن میں ان کے اعزاز میں ایک دعوت
عصرانہ کا اہتمام تھا۔ اس دعوت میں نواب محمد ایوب کھوڑو اور قاضی فضل اللہ جیسی



مقتدر شخصیتیں انکے ساتھ ایک میز پر پہ تشریف فرما تھیں۔ جو نہیں کھوڑو صاحب نے چائے کی پیالی اپنے ہاتھ سے تیار کر کے خاکسار اعظم کی طرف بڑھائی، وُہ سرزمین سندھ کے اس مردِ آہن سے مخاطب ہوئے ۔

چائے کا دَور تو چلتا رہے گا۔ کھوڑو صاحب یہ بتایئے کہ بھارت نے دریاؤں کے رُخ بدلنے کا جو منصوبہ شروع کیا ہے اس کے نتائج کے بارے میں بھی آپ حضرات نے کچھ سوچا؟

سندھ کا مردِ آہن ایک شکست خوردہ مسکراہٹ سے زیادہ جواب میں کچھ نہ کہہ سکا۔ یہی سوال خاکسارِ اعظم نے قاضی فضل اللہ اور دیگر سندھی رہنماؤں سے کیا لیکن وُہ سب خاموش اور دم بخود رہے۔ علاّمہ صاحب قومی بےحسی کے اس شہرِ خموشاں کو دیکھ کر بڑے غمزدہ تھے۔ چنانچہ رات کو جلسۂ عام سے خطاب کرتے ہوتے انہوں نے اس بےحسی کا شدید ماتم کیا اور واضح کیا کہ خدا کا قانون بڑا بےلچک ہے۔ اس نے نہ عباسیوں پر رحم کھایا اور نہ عثمانیوں پر۔ جو قوم موت

سے اسقدر تو لگا کر غفلت کی نیند سو جاتی ہے، خدا کا اٹل قانون اس کا نام و نشان تک مٹا دیتا ہے۔ اس لئے اگر پاکستان کے عوام اور انکے رہنماؤں اور حکمرانوں کی بھی یہی کیفیت رہی تو پھر کوئی بھی انہیں بچانے کی طاقت نہیں رکھتا۔
۴۔ مارچ کو خاکسار اعظم کا یہ دورہ جیکب آباد میں پایۂ تکمیل کو پہنچ گیا۔ وہ صوبہ سندھ کے ایک ایک ضلعی مرکز میں پہنچکر وہاں کے بڑے بڑے اجتماعات میں ان خطرات کی نشاندہی کر چکے تھے جو بھارتی حکمرانوں کی سازشوں نے پروان چڑھا رکھے تھے۔ ان میں سب سے بڑا خطرہ دریاؤں کا رخ موڑ کر پاکستان کو بنجر بنانا اور اسکی معیشت کو تباہ کرنا تھا اور یہ سارے منصوبے کشمیر کے ان پہاڑوں میں تکمیل پا رہے تھے جہاں بھارت نے غاصبانہ قبضہ جما رکھا تھا۔ اس لئے سندھ کی ان کانفرنسوں میں علامہ موصوف کے خطابات کا نقطۂ ماسکہ یہ تھا کہ حصول کشمیر کا جذبہ سلگتی ہوئی آگ کی طرح مغربی پاکستان کے طول و عرض میں پھیلتا چلا جائے تا آنکہ یہ سلگتی ہوئی چنگاریاں بھڑکتے ہوئے شعلوں میں تبدیل ہو جائیں اور ملت پاک کا بھرپور عزم بھارت کے ناپاک منصوبوں کو تہ و بالا کر ڈالے۔

بھارت کی طرف کوچ کا پروگرام

حصولِ کشمیر کے لئے علامہ صاحب کی یہ جد و جہد ۱۹۵۶ء کے آخری ایام میں اپنی انتہا کو پہنچ گئی۔ انکے نزدیک یہی ایک مسئلہ تھا جس پر پوری قوم متحد رہ کر نئی زندگی پا سکتی تھی اور بھارت کو ایسا سبق سکھا سکتی تھی کہ وہ پاکستان کے خلاف اپنی تمام تر سازشوں سے توبہ اختیار کر کے ایک شریف ہمسائے

کا کردار اپنا سکے۔ علامہ صاحب نے اس مقصد کے تحت یکم جنوری ۱۹۵۷ء کو منٹو پارک کے خطاب میں بیانگِ دہل دس لاکھ سرفروشوں کی بھارت پر چڑھائی کا پروگرام بھی قوم کے سامنے پیش کیا اور اس کے بعد ۲۹ جنوری کو بھارتی وزیر اعظم پنڈت جواہر لال نہرو کے نام اپنے خط میں جموں و کشمیر کو پاکستان کا جائز حق قرار دیتے ہوئے ان سے یہ اپیل کی کہ وُہ پاکستانی عوام کا یہ مطالبہ بھارتی عوام کے سامنے پیش کر دیں۔ انہیں یقین تھا کہ بھارت کے امن پسند عوام ایک خونریز جنگ کا خطرہ مول لینے کی بجائے جموں و کشمیر کے مقبوضہ علاقوں کو پاکستانی عوام کے سپرد کرنا پسند کریں گے۔ انہوں نے یہ تجویز پیش کرتے ہوئے اپنے خط کے آخر میں لکھا ——

پاکستان کے عوام اب مزید مصائب برداشت کرنے کو تیار نہیں۔ اور وُہ مجبور ہو گئے ہیں کہ اپنی اور بھارتی عوام کی بھلائی کی خاطر یہ تجویز آپ کے سامنے رکھیں اور وُہ چاہتے ہیں کہ آپ اسے ذاتی طور پر بھارت کے عوام کے سامنے پیش کر دیں۔ ہم ۳۰ مارچ تک آپ کے جواب کا انتظار کریں گے۔

یکم فروری اور یکم مارچ ۱۹۵۷ء کو انہوں نے ایک ایک ماہ کے وقفے سے بہت بڑے اجتماعات سے خطاب کیا۔ یہ خطاب بیک وقت لیاقت باغ راولپنڈی، جہانگیر پارک کراچی، پلٹن میدان ڈھاکہ، شاہی باغ پشاور اور دیگر بڑے بڑے شہروں کے پبلک جلسوں میں پڑھے گئے پاکستانی عوام کو خوابِ غفلت سے جگانے اور منظم ہو کر اپنی عزت اور وقار کی جنگ لڑنے کی یہ سعی و کاوش جاری تھی کہ پنڈت نہرو کے جواب کا انتظار کرتے ۳۰ مارچ کی مقررہ تاریخ بھی گذر گئی۔ اور شدتِ انتظار کے ان مراحل کے بعد وُہ



خاکسار اعظم ہندوستان گیر دورے کے موقع پر کلکتہ کے اجتماع میں

دن بھی آگیا جب اسلام لیگ کے رضاکاروں کو مشرقی و مغربی پاکستان کی سرحدات کے متعینہ مقامات پر اپنے کیمپ نصب کرنے کا حکم ملا۔ یہ کیمپ پوری ملّت کی غیرتِ جہاد کے لئے ایک چیلنج بن سکتے تھے کہ ایک دن علاّمہ صاحب اور کچھ سالاروں کو اس الزام میں گرفتار کر لیا گیا کہ اُنہوں نے ایک کیمپ میں سی۔ آئی۔ ڈی کے ایک افسر کو، جو کیمپ کی نگرانی پر متعین تھا، مارا پیٹا اور رسیوں سے باندھ کر رکھا تھا۔ ۲۲ اکتوبر ۵۰ء کو اس مقدمے میں انہیں ڈیڑھ سال قید اور ایک ہزار روپے جرمانہ کی سزا سنائی گئی۔ بعدازاں اپیل میں یہ سزا تین ماہ رہ گئی اور انہیں ۲۹ جنوری ۱۹۵۸ء کو رہا کر دیا گیا۔

عظیم قائد کی حیثیت سے یہ کارنامہ انکی تنظیمی قوتوں کا آئینہ دار تھا۔ اللہ تعالیٰ ان کی مغفرت کرے اور پسماندگان کو صبرِ جمیل عطا فرمائے۔ (پاکستان ٹائمز ۲۸ اگست ۶۳ء)

شیخ نسیم حسن کنوینر نظام اسلام پارٹی

محترم شیخ نسیم حسن ایڈووکیٹ موصوف نے اظہارِ تعزیت کرتے ہوئے کہا:-

علامہ المشرقی مرحوم ایک بلند پایہ عالم تھے۔ اور ایک زمانہ انکی علمی فضیلت کا قائل تھا۔ انھوں نے اسلام کی نمایاں خدمات انجام دیں اور برصغیر کے مسلمانوں کو اسلام کے عسکری نظام سے روشناس کر کے ایک دفعہ پھر خلافتِ راشدہ کے مسلمانوں کا تصور زندہ کر دیا۔ وہ نہ صرف خود ایک راسخ العقیدہ مسلمان تھے۔ بلکہ وہ عالم اسلام کے ہر فرد کو سچا مسلمان بنانے اور ان میں عہدِ نبوت کا سا خلوص، محبت اور اخوت پیدا کرنے کا عزم رکھتے تھے افسوس کہ نامساعد حالات نے انکے عزم کو پایۂ تکمیل تک نہ پہنچنے دیا۔ (کوہستان ۲۸ راگست ۶۳ء)

مولانا عبدالستار خاں صاحب نیازی

مجاہدِ ملت مولانا عبدالستار خاں نیازی نے خراجِ عقیدت پیش کرتے ہوئے فرمایا:-

علامہ مرحوم تاریخِ اسلام کے ان حریت پسند قائدین میں سے تھے جو ملتِ اسلامیہ کی رگوں میں ایک بار پھر اسلامی عسکریت کا خون دوڑانے کے متمنی تھے۔ انھوں

نے اس برصغیر ہند و پاک میں اخوت کی ہمابنانی کو عام کیا اور مسلمانوں کو پھر انکی اس عظمتِ رفتہ سے ہمکنار کرنے کی جد و جہد کی جسکی پیشگوئی قرآن حکیم نے فرمائی تھی اور میں سمجھتا ہوں کہ آج انکی وفات نے اس برصغیر کی تاریخِ حریت کے ایک عظیم الشان باب کا خاتمہ کر دیا (ایضاً)

خطیبِ جلیل مولانا کوثر نیازی

پاکستان کے اس خطیبِ جلیل نے علامہ مرحوم کو خراجِ تحسین پیش کرتے ہوئے کہا:۔

"آج ہماری ملت کے ہر اُس فرد کی آنکھیں اشکبار ہیں جس نے علامہ مرحوم کے خلوص، عزم اور ہمت و جرأت کو قریب سے دیکھا تھا۔ اسلام کا یہ مجاہدِ اعظم پورے برصغیر کی تاریخ کو بدلنے کا متمنی تھا۔ اس نے اپنے نصب العین کی تکمیل کے لئے برطانوی سامراج سے ٹکر لی۔ اور اسے یہ احساس دلا دیا کہ مسلمان جب کفن بر دوش میدان میں نکلتا ہے تو پہاڑوں کے دل ہلا دیتا ہے اور سمندر کا سینہ چیر دیتا ہے" (ایضاً)

صدرِ مجلس احرار شیخ حسام الدین

محترم شیخ صاحب موصوف نے اپنے پیغامِ تعزیت میں فرمایا:۔

علامہ مرحوم نے خاکسار تحریک کی تنظیم کو عمل میں لا کر اس برصغیر کی تاریخ کو ایک نئے انقلاب سے آشنا کیا۔ علامہ موصوف عظیم القدر صلاحیتوں کے مالک تھے اور ان گوناگوں صلاحیتوں کو کام میں لاتے ہوئے انھوں نے ہماری نئی نسل کو زندگی کا ایک نیا

احساس عطا کیا۔ ہو سکتا ہے کہ علامہ صاحب مسلمانوں کو غلبۂ اسلام کے مقصود و منتہیٰ تک لانے میں کما حقہٗ کامیاب نہ ہوئے ہوں۔ لیکن کوئی شخص بھی اس سے انکار نہیں کر سکے گا کہ مسلمانانِ برصغیر کو اس نصب العین کی طرف لے آنے میں انھوں نے عظیم الشان جدو جہد سرانجام دی

ملک اسلم حیات صدر ڈسرکٹ بار ایسوسی ایشن لاہور

ملک صاحب نے اپنے اخباری بیان میں فرمایا:۔

"عظیم خاکسار رہنما کی موت کی خبر سے مجھے ناقابلِ بیان صدمہ ہوا۔ علامہ مرحوم نے اس برصغیر کے مسلمانوں کی جنگ آزادی میں درخشندہ کارنامے سرانجام دیئے۔ انھوں نے خاکسار تحریک کے جھنڈے تلے جس عسکری نظام کی تشکیل کی اس نے پوری دنیا پر یہ حقیقت واضح کر دی کہ اس گئے گزرے دور میں بھی مسلمان اپنے آپ کو ایک ایسے فولادی نظام میں منتشکل کر سکتے ہیں جسکی صفیں جانفروش مجاہدوں پر مشتمل ہوں" (ایضاً)

بیگم طاہرہ آغا صدر سندھ کونسل مسلم لیگ

بیگم آغا نے علامہ مرحوم کی عظمت کو خراجِ تحسین پیش کرتے ہوئے فرمایا:۔

علامہ المشرقیؒ ایک عظیم مجاہد تھے اور اپنے نصب العین کی جدوجہد میں وہ اپنے سینے میں ایک شیر ببر کی سی جرأت رکھتے تھے۔ خاکسار تحریک کے سلسلے میں انہیں پے در پے مشکلات و مصائب سے دوچار ہونا پڑا۔ لیکن وہ ان کے مقابلے میں آخری

سانس تک پامردی اور عزم و جرأت سے ڈٹے رہے۔

خواجہ ناظم الدین (مرحوم)، صدر آل پاکستان کونسل مسلم لیگ

خواجہ ناظم الدین صاحب نے اس سانحۂ ارتحال پر اظہار تعزیت کرتے ہوئے فرمایا:۔

"علامہ مرحوم کے سانحۂ ارتحال نے ملک کو ایک ایسی ممتاز شخصیت سے محروم کر دیا۔ جس نے برصغیر کی سیاسی جد و جہد میں نمایاں خدمات سرانجام دیں۔ میں مرحوم کے حق میں دعائے مغفرت کرتا ہوں۔"

مفکرِ قرآن چوہدری غلام احمد پرویز

پرویز صاحب نے اپنے پیغام تعزیت میں فرمایا:۔

"علامہ صاحب ایک "رینگلر" کی حیثیت سے آسمانِ شہرت پر طلوع ہوئے اور ازاں بعد ایک عسکری تحریک کے بانی اور منتظم کی حیثیت سے انکا شہرہ عام ہوا۔ ان دو کارناموں کی بنا پر مرحوم نے شہرہ آفاق مقام حاصل کیا۔ لیکن "تذکرہ" کے مصنّف کی حیثیت سے انھیں دنیا میں جو عظمت اور شہرت حاصل ہوئی وُہ اس سے بھی بہت بڑھ چڑھ کر تھی۔ یہ علمی و فکری شاہکار قرآنِ حکیم کے مفہوم و مطالب کو آشکارا کرنے کے سلسلے میں ایک مؤثر اور کامیاب کوشش تھی۔ اے کاش کہ زندگی مرحوم کو "تذکرہ" کی بقیہ جلدوں کی ترتیب و تکمیل کا موقع عطا کر دیتی!

میری دعا ہے کہ خدا مرحوم کو جوارِ رحمت میں جگہ دے۔ میں مرحوم کے پسماندگان اور

وابستگانِ تحریک سے دلی ہمدردی اور تعزیت کا اظہار کرتا ہوں"۔

(پاکستان ٹائمز ۲۹ اگست ۶۳ء)

یادِ مشرقی میں قومی پریس کا خراجِ عقیدت

روزنامہ "جنگ" کراچی۔ مقالہ خصوصی

خاکسار تحریک کے بانی اور برصغیر کے ممتاز عوامی قائد علامہ عنایت اللہ خان المشرقی ہماری قوم کے ان صفِ اوّل کے قائدین میں شامل تھے جنہوں نے مسلمانانِ برصغیر کی سپاہیانہ زندگی، بیداری اور تنظیم میں غیر معمولی اور تاریخی کارنامہ سرانجام دیا۔ غیر معمولی عالم ہونے کے ساتھ ان میں وہ غیر معمولی تنظیمی صلاحیتیں بھی تھیں جو بہت کم لوگوں کو نصیب ہوتی ہیں۔ علامہ مرحوم نے برصغیر کے مسلمانوں کی نئی نسل پر صرف سیاسی نہیں بلکہ نظریاتی اور علمی طور پر اتنا گہرا اثر چھوڑا ہے کہ اس کی مثال مشکل سے مل سکے گی۔ ان کی خاکسار تحریک اپنی تنظیمی صلاحیت کے اعتبار سے اس دور کی سب سے بڑی عظمتوں میں شامل تھی۔ اور ۱۹۳۹ء میں اس نے جو طاقت، اثر اور مقبولیت حاصل کی اور اس جیسی کسی اور تنظیم کو حاصل نہ ہو سکی۔ انکی وفات واقعی ایک بہت بڑا سانحہ ہے اور اس نے حقیقی معنوں میں اتنا بڑا خلا پیدا کر دیا ہے جسے پورا کرنا اب ممکن نہیں۔ علامہ مشرقی

کی موت صرف پاکستان کا ہی نہیں، ساری دُنیائے اسلام کا نقصان ہے اور افسوس کہ اس
کی تلافی کی کوئی صورت نظر نہیں آتی۔ (۳۰ راگست ۱۹۶۳ء)

روزنامہ "حریت" کراچی - مقالہ افتتاحیہ

علامہ المشرقیؒ خاکسار تحریک کے بانی تھے۔ وُہ تحریک جو آج سے ۳۲ سال پہلے عجیب جرأت انگیز اور ولولہ خیز تحریک تھی۔ اور اس نے ہماری قوم میں ایک نئی رُوح پھونک دی۔ مُلک کے گوشے گوشے میں جوق در جوق مسلمان اس میں شامل ہوئے۔ نوجوان دیوانہ وار اس کی آواز پر دوڑ پڑے اور "چپ راست" کرتے ہوئے بیلچے اُٹھائے گلی کوچوں سے گذرتے تو ایک سماں بندھ جاتا۔

اس تحریک نے برطانوی حکمرانوں کو فکرمند اور ہندوؤں کو لرزہ براندام کر دیا تھا۔ دونوں نے مل کر اس تحریک کو تباہ کرنے کی چالیں چلیں۔ اور فتنہ انگیز آوازیں بلند کیں۔ "قیادت کس کی؟ مشرقیؒ کی یا جناحؒ کی؟ طاقتور کون؟ مشرقی یا جناحؒ؟" اور بدقسمتی سے یہ نفسیاتی حربہ اپنا کام کر گیا۔ (۳۰ راگست ۶۳ء)

روزنامہ "کوہستان" لاہور - مقالہ خصوصی

مُلک کے طول و عرض میں یہ خبر انتہائی ملال سے سُنی جائے گی کہ خاکسار تحریک کے بانی علامہ عنایت اللہ خان المشرقی وفات پا گئے۔ اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْن۔ علامہ مرحوم نے اس زمانے میں نوجوانانِ ملّت کے سینوں میں زندگی کی دھڑکنیں اور آزادی کے ولولے بیدار کئے تھے۔ جب کہ ہمارے انگریز حکمران اس بات پر فخر

کرتے تھے کہ انکی عظیم سلطنت پر سورج غروب نہیں ہوتا۔

مسلمانوں کی آزادی اور سربلندی مرحوم کی زندگی کا سب سے بڑا مقصد تھا۔ مستقبل کے مؤرخ شاید انہیں ایک کامیاب و کامران رہنما کی حیثیت سے یاد نہ کریں۔ لیکن یہ بات بلاخوفِ تردید کہی جاسکتی ہے کہ ربع صدی جو مسافر مختلف راستوں پر بھٹکنے کے بعد بالآخر ایک عظیم قافلے کی صورت میں پاکستان کی منزل کی طرف رواں ہوئے۔ انکے ایک اہم اور فعال عنصر کا اجتماعی شعور اور جذبۂ آزادی علامہ مشرقی کا مرہونِ احسان تھا۔ وہ مستقبل کے ان نڈر نقیبوں میں سے تھے۔ جنہوں نے تاریک رات کے آخری پہر تھکے ہارے مسافروں کو خوابِ غفلت سے جھنجھوڑا تھا۔ اگر ہم اپنے ماضی کا دیانتداری سے جائزہ لیں تو ہمیں ایسا محسوس ہوگا کہ یہ سرزمین جس پر ہم نے ۱۹۴۷ء میں پاکستان کا جھنڈا گاڑا تھا۔ ان جانبازوں کے خون سے سیراب ہو چکی ہے جو آزادی کا نعرہ سن کر جان کی بازی لگا دیا کرتے تھے۔

۱۹۴۰ء میں خاکساروں کا خون صرف لاہور کی گلیوں ہی میں جذب ہو کر نہیں رہ گیا تھا بلکہ اس کی روشنائی سے ہمارے جہادِ آزادی کی تاریخ میں ایک نئے عنوان کا اضافہ ہوا۔ یہ جانباز اس عقیدے کے ساتھ میدان میں آئے تھے کہ اگر ہم مسلمان ہیں تو افرنگی کی غلامی ہمارا دائمی مقدر نہیں۔

علامہ مرحوم نے ایک غلام قوم کے لئے آزادی کی تمنا کی تھی اور اب انہیں اس مقدس خاک کے سپرد کیا جا رہا ہے۔ جسے ربع صدی قبل ان سے درسِ حیات لینے والوں نے اپنے خون سے سیراب کیا تھا۔ (۲۸ راگست ۱۹۶۳ء)

روزنامہ "حالات" لاہور۔ مقالہ افتتاحیہ

یہ اندوہناک خبر کس کے لئے جگر دوز نہیں کہ برصغیر پاک و ہند کے عظیم انقلابی رہنما، فاضل بے بدل اور بانی تحریک خاکساران مجاہد اعظم علامہ عنایت اللہ خان المشرقیؒ کو بھی پیک اجل کے بیرحم ہاتھوں نے ہمیشہ کے لئے ہم سے چھین لیا۔ علامہ مشرقی ملت اسلامیہ کے وہ قابل فخر فرزند تھے جنکی امتیازی قابلیتوں نے مشرق و مغرب سے اپنے کمال کا لوہا منوایا۔ اور مختلف علوم میں اپنی ذہانت و فطانت کے وہ تابناک جوہر دکھائے جو ساری دنیا میں برصغیر کا نام بلند کرنے کا باعث ہوئے۔

علامہ مرحوم کے درخشندہ کارناموں اور ناقابل فراموش دینی و ملی خدمات کو مدنظر رکھتے ہوئے یہ تسلیم کرنا پڑے گا کہ انکی زندگی عہد حاضر کی تاریخ میں ایک اہم ترین باب کی حیثیت رکھتی ہے اور انکی موت تاریخ کے اس باب کو اختتام پذیر کرنے کا باعث ہوئی ہے۔ (۲۹۔ اگست ۶۳ء)

ہفت روزہ "النقیب" لائل پور

علامہ المشرقیؒ کے دلدوز و جگر سوز سانحہ ارتحال نے پاکستان کے طول و عرض۔ اور بیرون پاکستان میں بھی ماتم کی صفیں بچھا دی ہیں۔ آج پاکستان کی فضا سیاہ پوش اور اسکی زندگی سوگوار ہو کر رہ گئی ہے۔ اور ایسا نظر آتا ہے کہ عصر حاضر کی اس عظیم شخصیت کے المیۂ موت سے ہم بہت کچھ کھو بیٹھے ہیں ہماری قومی زندگی بہت بڑے خلا سے دوچار ہے اور کوئی دوسری شخصیت ایسی موجود نہیں جو اسے پُر کر سکے۔

ان کی موت نے انکے درخشاں ماضی کو اس طرح زندہ کر دیا کہ پوری ملت کی نگاہیں انکی بارگاہِ عظمت میں جھک گئی ہیں اور ہر شخص نے یہ محسوس کیا کہ ہم صدیوں تک کوئی دوسرا علامہ المشرقی پیدا نہیں کر سکیں گے۔ (النقیب ۴ ستمبر ۶۳ء)

راہ و منزل کے نشان

اسوۂ رسول ﷺ اور سپاہیانہ زندگی

خاکسار تحریک تیرہ سو پچاس برس کے بعد جس سچے اور اصلی اسلام کی طرف پھر مسلمانوں کو لے جانے کے لئے تیار ہوئی ہے۔ وہ مذہب خدا اور اسلام کے عملی اور باہتھیار سپاہی بننا ہے۔ یہی سچا اور اصلی اسوۂ رسول ہے یہ عجیب مسخرہ پن ہے کہ تم رسول ﷺ خدا کے چند لمحوں کے ہر چھوٹے سے چھوٹے عمل کو ان کے ساتھ "انتہائی" محبت کا مکر کر کے، اپنے دین و ایمان کا جزو خیال کرتے ہو۔ لیکن انکی جانکاہ تکلیف برداری۔ انکی ۲۴ گھنٹوں کی مسلسل سپاہیانہ زندگی، انکے ہر وقت تیر کمان اور تلوار سے مسلح رہنے، انکی شب و روز جہاد کی تیاری، انکے پے در پے غزوات ان کے خندقیں کھودنے، ان کے دشمن سے میدانِ جنگ میں مقابلے، ان کی ہر وقت مستعدی اور کیفِ عمل کو شیرِ مادر کی طرح بیٹھ کر ہضم کر جاتے ہو ان کا تمہارے تجاہل کی شیطانی لغت میں نام تک نہیں۔

کیا یہ چوبیس گھنٹے کا عمل اسوۂ حسنہ نہ تھا؟

خاکسار تحریک کا پروگرام

ان تمام مقاصد کو حاصل کرنے کے لئے خاکسار تحریک کا پروگرام یہ ہے

کہ ہر جگہ دیہات اور شہروں میں محلہ وار جماعتوں کا قیام عمل میں لاؤ ہر جگہ سالار محلہ کے تحت مقررہ وقت پر ایک قطار میں کھڑے ہو جاؤ۔ اور پھر خاموشی اختیار کرو۔ مل کر باجماعت نماز ادا کرو۔ نماز کے بعد خدمتِ خلق کرو۔ اور پھر خاموشی سے سالار کے حکم پر برخاست ہو کر گھروں کو رخصت ہو جاؤ۔ اس سیدھے سادے اور مختصر سے پروگرام میں قوم کی سربلندی اور فتح و ظفر کا راز ہے۔ قوم کی تمام بیماریوں کا علاج ہے۔

۱۔ مذہبی فرقہ بندی کا علاج

مسلمانوں کی شکست کا ایک بڑا حادثہ مذہبی فرقہ بندی ہے۔ اس روگ کا آخری اور حکمی علاج خاموشی ہے۔ ہر خاکسار کو حکم دیا گیا ہے کہ وُہ اپنے عقیدے پر مضبوطی سے قائم رہے اور کسی دوسرے خاکسار یا مسلمان سے عقیدے کے متعلق بحث نہ کرے۔ ایک قطار اور خاموشی کا یہ فلسفہ فرقہ بندی کی جڑ کاٹ دیتا ہے۔

۲۔ مساوات کیونکر ممکن ہے

ہندوؤں کی دیکھا دیکھی مسلمانوں میں ذات پات کے تفرقے اور اپنے نفس کی آواز پر چھوٹے بڑے کا اغلیانہ پیدا ہو گیا ہے۔ دولت، علم، عزتِ عمر، طاقت، لباس کے پیدا کئے ہوئے تفرقے بھی اس

"وجاہتی فرقہ بندی" بھی شامل ہیں۔ اور ان سب کا باعث اصلاحِ نفس کا فقدان ہے۔ یہ اصلاحِ نفس ہی ہے جو شرمندہ کن ہتھیار کو کندھے پہ رکھ کر سرباز اور ایک قطار میں قواعد اور مارچ کرنے سے عمل میں آتی ہے۔ غریب اور امیر چھوٹے اور بڑے ایک قطار میں کندھے سے کندھا ملا کر کھڑے ہوتے ہیں۔ ایک دوسرے کے شانہ بشانہ چلتے ہیں۔ اور اس اونچ نیچ کے برابر ہو جانے سے مزدور کی شان بڑھتی ہے، غریب کے حوصلے بلند ہوتے ہیں۔ اسی لئے ایک قطار میں کھڑا ہونا اور صف بندی کرنا۔ دینِ اسلام کا جزو ہے۔ نہیں یہ دینِ فطرت کا حکم ہے۔ قدموں اور حرکتوں کا ملنا، دلوں کے ملنے کا پیش خیمہ ہے۔ نماز کی وجہ سے جو اخوت قرونِ اولیٰ کے مسلمانوں میں پیدا ہوئی تھی وہ اسی کا ثبوت ہے۔

۳۔ سمع واطاعت کی ضرورت واہمیت

اطاعت اور فرمانبرداری سچی تنظیم کی اصل و بنیاد ہے اور اس کا انحصار "سننے اور قبول کرنے" پر ہے۔ جب اطاعت کی ہوا بندھ جائے تو سب نافرمانی مفقود ہو جاتی ہے۔ اطاعت کی ہوا باندھنا ہی حقیقی قوت پیدا کرتا ہے۔ یہ اطاعت مرضی اور سمجھوتے کی اطاعت نہیں ہو سکتی صحیح اطاعت وہ ہے جو من کی مرضی کے خلاف سپاہی کو خاموش اور عمل پیرا رکھے اور تمام قوم میں اطاعت امیر کی ہوا باندھ دے۔

نماز کا منشاء بھی حکموں کو ماننا اور انکو ماننے کی قابلیت پیدا کرنا ہے نماز نے ابتدائے اسلام میں یہ اخلاق واقعی طور پر مسلمانوں میں پیدا کر دیا تھا۔ اس وقت امام جماعت صحیح معنوں میں سردار تھا۔ قیام جماعت سے پہلے حضرت عمرؓ درّہ ہاتھ میں لئے صفیں سیدھی کیا کرتے تھے اور کسی کو قطار سے ایک انچ باہر کھڑا ہونے کی مجال نہیں تھی۔ بالآخر ان نمازیوں نے سو برس کے اندر اندر ساری دُنیا کو سر کر لیا۔ آج جبکہ اُمّت میں امام کی سرداری ختم ہو گئی ہے اور اس کی حقیقی اطاعت کا جذبہ باقی نہیں رہا، خاکسار تحریک کی ایک قطار اور ایک سالار کی اطاعت اسی غلبۂ اسلام کی طرف پہلا قدم ہے۔

۴۔ محلہ وار نظام کی افادیت

خاکسار تحریک میں محلہ وار نظام کی اہمیت پر زیادہ سے زیادہ زور دینے سے مقصد یہ ہے کہ قوم کے زیادہ سے زیادہ افراد میں سالار بننے کی صلاحیت پیدا ہو۔ ہر محلّہ کا سالار اپنے محلہ کا ڈکٹیٹر (مختار ناطق) اس لئے ہے کہ اس میں تمام محلے سے ہر ممکن کام لینے کی طاقت پیدا ہو۔ اس نقطۂ نظر سے محلہ وار جماعتیں وُہ ٹریننگ سکول (تربیتی درسگاہیں) ہیں جنمیں سالار تیار ہوتے ہیں اور اس تربیت پر ایک پائی خرچ نہیں ہوتی۔ کسی قوم میں محلہ وار تنظیم کی موجودگی اس کی بہت بڑی خوش قسمتی ہے۔

۵۔ جسمانی صحت و توانائی کی قومی ضرورت

ہر قوم کی فتح مندی اور غلبے کا راز اس کے نوجوانوں کی جسمانی صحت میں ہے۔ ایک قوم جس قدر صحت مند ہے، اسی قدر فتح کے قریب ہے۔ اسی قدر صحت اس کے خیالات اور اعمال میں ہے، معاشرتی خرابیوں اور مفلسی کے باعث مسلمان اقوام غالب سے بہت پیچھے ہیں۔ خاکسار تحریک کا روزانہ عمل اس جسمانی صحت کے معیار کو جلد از جلد بلند کرنے کا ایک ارزاں اور بے مثال ذریعہ ہے۔ ایک غریب اور پسماندہ قوم کے لئے یہ وہ بہترین ورزش ہے۔ جس پر کچھ خرچ نہیں ہوتا۔ اور قوم کی آئندہ جنگ میں سینہ سپر ہو کر لڑنے والے لاکھوں بہترین سپاہی بلا خرچ اور جلد از جلد پیدا ہو سکتے ہیں۔

۶۔ روزانہ عمل کی حکمت

فطرت کے سلسلۂ عمل کی طرح قوموں کی زندگی کا راز بھی روزانہ بلکہ لگاتار عمل میں ہے خاکسار تحریک میں روزانہ عمل کی بنیاد اسی حکمت پر ہے کہ اس سے قوم میں استقلال کی عظیم الشان قوت پھر پیدا ہو۔ ہماری کئی قرنوں کی ناکامیوں کی بڑی وجہ قوم میں استقلال کا فقدان ہے۔ گذشتہ ایک مدت سے نابکار رہنماؤں نے قوم کے ہنگامی جذبات سے کھیل کھیل کر اس کی رہی سہی قوتوں کو فنا کر دیا ہے۔ الغرض ہنگامی حرکت کو دی

حرکت نہیں۔ دوران خون وہ ہے جو روزانہ اور وقت کے مطابق ہو۔ دوا دے کر یا انجکشن لگا کر چند لمحوں کے لئے پیدا کیا ہوا نہ ہو۔ قوم کا روزانہ اور خاموش عمل ہی وہ لازوال طاقت ہے جو مستقل صلاحیتوں کو جنم دینا ہے یہی وجہ ہے کہ دُنیا میں ہر سلطنت جو فوج تیار کرتی ہے۔ اس کے ہر سپاہی کا عمل روزانہ ہے۔ قواعد اور پریڈ روزانہ ہے۔ ہتھیاروں کی صفائی اور جنگی مشق روزانہ ہے۔ چاندماریوں اور دنگہ وٹوں کی بھرتی روزانہ ہے۔ ان کی تربیت رونانہ ہے۔

نماز کے روزانہ ہونے میں یہی حکمت ہے۔ خدا چاہتا تھا کہ مسلمان روزانہ پانچ وقت مقررہ طور پر ایک امیر کے ماتحت جمع ہوں۔ اتحاد قوم، اطاعت امیر، مساوات و اخوت، خدا کے حضور حاضری روزانہ ہو۔ یہ روزانہ عمل اسلام کے چند برسوں میں روئے زمین پر غالب آجانے کا باعث تھا۔

خاکسار تحریک اور اختیارِ ناطق

خاکسار تحریک کی بنیاد اول سے آخر تک ہر جگہ اختیارِ ناطق پر ہے جمہوریت اکثریت یا انتخاب پر کسی جگہ نہیں۔ محلہ کا سالار اس محلے کا ڈکٹیٹر اسی لئے ہے۔ کہ اس سے محلہ میں اصلاح و انقلاب پیدا کرنے کی توقع کی گئی ہے۔ نری انجمن سازی کی توقع نہیں، اس لئے اسے محلہ کے خاکسار منتخب نہیں کرتے بلکہ وہ ادارہ علیہ کی طرف سے مقرر ہوتا

ہے ، اور محلہ کے تمام خاکسار باہمی اتفاق و اتحاد سے بھی اسے اپنی جگہ سے ہٹا نہیں سکتے ۔ سالارانِ محلہ کی طرح تمام افسرانِ بالا بھی اپنی اپنی جگہ مختارِ ناطق ہیں ۔

تحریک کی داخلی مساوات

تحریک کا اصول یہ ہے کہ کوئی شخص از روئے استحقاق افسر نہیں ۔ سب خاکسار اور سالار سپاہی ہیں ۔ اس لئے ادارہ علیہ جس وقت چاہے کسی بڑے سے بڑے افسر کو بھی بلا وجہ ظاہر کئے اس کے عہدے سے الگ کر سکتا ہے ۔ خاکسار تحریک کی انتہائی داخلی مضبوطی کی دلیل یہ اسلامی نظام ہے جس کے اندر اسلامی اخوت اور مساوات کی حقیقی روح کام کر رہی ہے ۔